www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED

کوئٹہ اور سبی سے شائع ہونے والا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | شمارہ 100 | 15 اکتوبر 2025ء | صفحات 8 | قیمت 35 روپے

PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqquetta2008@gmail.com | رجسٹرڈ BC-m-1

غیر متوازن ترقی کا تاثر گمراہ کن، بندوق کے زور پر تشدد کرنیوالے بلوچ عوام کا نمائندہ نہیں، مشترکہ ذمے داری ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

ملک دشمن عناصر کا اصل ہدف پاکستان کو نقصان پہنچانا اور تقسیم کرنا ہے، دشمن پاکستان کو کیک کی طرح ٹکڑوں میں بانٹنے کی خواہش رکھتے ہیں، انکے ناپاک عزائم کو ناکامی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا

سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا کے ذریعے نوجوانوں اور ریاست کے درمیان خلیج پیدا کرنے کی کوشش کی گئی، حکومت نوجوانوں کے خدشات اور شکایات کو سننے کے لیے جامعات سمیت ہر فورم پر جا رہی ہے

صوبے میں پہلا فراری کیمپ 21 جون 2002 کو قائم ہوا جس سے دہشت گردی کو فروغ ملا اور نوجوانوں کو گمراہ کرنے کا راستہ کھلا، حالات کی خرابی کے پیچھے بھارتی "را" کا واضح اور منظم کردار ہے

بلوچستان دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کی استعداد کار بڑھائی جا رہی ہے اور اس مقصد کے لیے 10 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

دشمنوں کو شکست دینا ہی ہمارا عزم ہے اور حکومت بلوچستان عوام کے ساتھ مل کر ایک پرامن اور خوشحال مستقبل کی جانب گامزن ہے، کوئٹہ میں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب

[…] بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر میں بجلی 8 پیسے فی یونٹ مہنگی، نوٹیفکیشن جاری

اضافہ اکتوبر 2025 کے بلوں میں صارفین سے وصول کیا جائے گا

[…] بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

افغانستان سے پھر شرانگیزی، پاک فوج کا بھرپور جواب، ٹینک اور پوسٹیں تباہ کر دیں

پاک فوج کی اہم کارروائی میں فتنہ الخوارج کیا اہم کمانڈر کی ہلاکت کی اطلاعات، افغان طالبان اپنی متعدد لاشیں پوسٹ پر چھوڑ کر فرار

کرم سیکٹر میں طالبان کی ایک اور پوسٹ اور ٹینک پوزیشن تباہ، پاک فوج کی جانب سے طالبان کے چلتے ٹینک کو تباہ کرنے کی ویڈیو سامنے آگئی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں افغان طالبان اور فتنہ الخوارج نے ایک بار پھر بلا اشتعال فائرنگ کی ہے جس کا پاک فوج نے بھرپور اور شدید جواب دیا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بلا اشتعال فائرنگ پر پاک فوج کی جانب سے افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کو بھرپور اور شدید جواب دیا گیا ہے سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک فوج کی فائرنگ کی وجہ سے طالبان پوسٹوں کو شدید نقصان پہنچا۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور: سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجا میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاک امریکہ تعلقات ہمارے مفادات کو نقصان نہیں پہنچائیں گے، ترجمان چینی وزارت خارجہ

دونوں ممالک نے باہمی مفادات سے متعلق اہم امور پر اعلیٰ سطح کا اسٹریٹیجک اعتماد اور قریبی رابطہ قائم رکھا ہے

پاکستانی قیادت نے امریکی رہنماؤں کو جو نمونے دکھائے وہ مقامی طور پر خریدے گئے قیمتی پتھروں کے تھے، ترجمان

بیجنگ (م ڈ) چین نے پاکستان اور امریکا کے درمیان معدنیاتی نمونوں سے متعلق خبروں کی تردید کردی۔ ترجمان چینی وزارت خارجہ نے کہا کہ چین اور پاکستان ہر موسم کے اسٹریٹیجک شراکت دار ہیں، دونوں ممالک کے درمیان آہنی دوستی وقت کی کڑی آزمائشوں پر پوری اتری ہے۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک نے باہمی مفادات سے متعلق اہم امور پر اعلیٰ سطح کا اسٹریٹیجک اعتماد اور قریبی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 17 ویں نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

اپوزیشن بچگانہ باتیں کر رہی ہے، جمہوری عمل آگے بڑھ چکا، انکا خیال تھا کہ ہماری پارٹی میں کوئی توڑ پھوڑ کر سکتے ہیں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں، سلمان راجا

گورنر کے پی آج شام 4 بجے تک نومنتخب وزیراعلیٰ سے حلف لیں

پشاور ہائیکورٹ کا حکم

آئین کا آرٹیکل 255(2) چیف جسٹس کو اختیار دیتا ہے کہ وہ حلف کیلئے کسی کو بھی نامزد کردیں، احکامات صوبے میں آئینی خلا پر کرنے، آئین کی بالادستی یقینی بنانے کیلئے جاری کیے

اگر گورنر خیبر پختونخوا نومنتخب وزیراعلیٰ سے حلف نہیں لیتے تو اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی سہیل آفریدی سے حلف لیں، عدالت نے تحریک انصاف کی درخواست پر محفوظ کیا گیا فیصلہ سنا دیا

حلف لینے سے منع نہیں کیا، آئینی فرض ادا کروں گا، قانون و آئین پر عملدرآمد کریں گے، میرا جواب ہائیکورٹ میں جمع ہو چکا، بلاول سے کان میں ہونے والی باتیں نہیں بتا سکتا، فیصل کریم کنڈی

حلف روکنے کا کوئی جواز نہیں، آج نہیں تو کل ہو جائے گا، سہیل آفریدی وزیر رہ چکے، تجربہ کار ٹیم انکے پاس ہے علی امین نے ایسا نہیں کہا کہ علیمہ خان نے مجھے ہٹایا ہے، سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائیکورٹ نے گورنر خیبر پختونخوا کو (آج) بدھ کی شام 4 بجے تک نومنتخب وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سے حلف لینے کا حکم دیتے ہوئے قرار دیا ہے کہ اگر گورنر نے حلف نہیں لیا تو پھر اسپیکر کو ہدایت ہے کہ حلف لے۔ منگل کو پشاور ہائیکورٹ۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا ٹی ایل پی واقعے پر جعلی خبروں کیخلاف بڑا ایکشن

فیک نیوز نیٹ ورکس کے مرکزی کرداروں کی فہرست تیار کرلی گئی

اوورسیز نیٹ ورک کے خلاف سفارت خانوں کے ذریعے سخت اقدامات کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے تحریک لبیک پاکستان واقعے پر جعلی خبروں کیخلاف کارروائیاں شروع کردیں۔ ذرائع کے مطابق فیک نیوز نیٹ ورکس کے مرکزی کرداروں کی فہرست تیار کرلی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق جعلی خبریں چلانے کے عمل میں ملوث افراد کے خلاف نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کے تحت مقدمات۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

پاک افغان کشیدگی، چمن، قلعہ سیف اللہ اور چاغی میں بارڈر بند

سرحد بند ہونے سے مہاجرین کی وطن واپسی عارضی طور پر معطل ہے، چمن و قلعہ سیف اللہ میں 5 ہزار افغان مہاجرین رک گئے

شہری و مہاجرین سرحد کی اطراف میں جمع نہ ہوں، سیکورٹی اداروں کے تعاون سے صورتحال کو قابو کرنے میں مدد کریں، حکام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) افغان طالبان اور بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے حملوں کے بعد پیدا ہونے والی سرحدی کشیدگی کے باعث چمن، قلعہ سیف اللہ اور چاغی سے پاک افغان سرحد دو روز سے بند ہے۔ محکمہ داخلہ کے حکام کے مطابق پاکستان اور۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

منشیات کی کاشت کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی، وزیراعلیٰ

بلوچستان کی ایک انچ زمین بھی منشیات کیلئے استعمال نہیں ہونے دی جائیگی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں منشیات کی کاشت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ بلوچستان کی ایک انچ زمین۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

مضبوط فلسطینی ریاست پاکستان کی خارجہ پالیسی کی بنیاد ہے اور رہے گی، وزیراعظم

مسائل سے دوچار فلسطینی عوام کی آزادی، وقار اور خوشحالی پاکستان کے لیے بنیادی اہمیت کی حامل ہے

پاکستان کی سب سے اہم ترجیح غزہ پر مسلط کی گئی نسل کشی کی مہم کو فوری طور پر روکنا تھا، شہباز شریف کی گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ 1967 سے پہلے کی سرحدوں کے ساتھ اور القدس الشریف کے بطور اس کے دار الخلافہ، ایک مضبوط اور قابل عمل فلسطینی ریاست کا قیام، پاکستان کی مشرق وسطیٰ کی پالیسی کی بنیاد ہے اور رہے گی۔ وزیراعظم۔۔۔۔۔ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کے خاتمے کا حل سیاسی طور پر نکالنا چاہیے، عمران خان

ہر قسم کی دہشتگردی کی مذمت کرتے ہیں، فوج بھی میری ہے، شہداء بھی ہمارے ہیں، عام عوام کا خون نہیں بہنا چاہیے

فوج سے دشمنی نہیں، دہشتگردی کیخلاف پالیسیز پر تنقید کرتے ہیں، بیرسٹر گوہر و دیگر سے گفتگو، مریدکے واقعہ کی مذمت

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ افغانستان سے کشیدگی کے نتیجے میں دہشت گردی بڑھنے کا خطرہ ہے، دہشتگردی کے خاتمے کا حل سیاسی طور پر نکالنا چاہیے۔ اڈیالہ جیل راولپنڈی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

لوگ نیشنل ایکشن پلان پڑھے بغیر کنفیوژن پیدا کر رہے ہیں، بیرسٹر گوہر

ایسا نہیں کرنا چاہیے، بس حکمت عملی میں فرق ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ لوگ نیشنل ایکشن پلان پڑھے بغیر کنفیوژن پیدا کر رہے ہیں۔ میڈیا۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی: سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر فائرنگ، دو اہلکار زخمی

واقعہ کے فوری بعد فورسز نے علاقے کا گھیراؤ کر لیا سرچ آپریشن شروع کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بچھی قومی شاہراہ بختیار آباد اور حاجی شہر کے قریب دوران گشت سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ نے خوشحال خان و دیگر کیخلاف درج مقدمہ واپس لینے کی ہدایت کردی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ اور دیگر رہنماؤں کے خلاف ژوب میں درج ایف آئی آر واپس لینے کے احکامات جاری کردیے ہیں۔ منگل کو پشتونخوا نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اور سابق رکن صوبائی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پاک افغان معاملات گفتگو سے حل ہونے چاہئیں، ٹی ٹی اے پی

خطہ کی صورتحال پر فوراً پارلیمان کا جوائنٹ سیشن بلا کر قوم کو اعتماد میں لیا جائے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) تحریک تحفظ آئین پاکستان کا سربراہی اجلاس مصطفیٰ نواز کھوکھر کی رہائش گاہ پر محمود خان اچکزئی کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

اگر آپ سگریٹ چھوڑ دیں تو کسی کو بھی قتل کرسکتی ہیں، اردوان

ترکی کے صدر کی اطالوی وزیراعظم سے دلچسپ گفتگو وائرل ہوگئی

استنبول (م ڈ) ترکی کے صدر رجب طیب اردوان اور اطالوی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

مہنگائی کے ستائے عوام کے لیے اچھی خبر پیٹرولیم مصنوعات میں کمی کا امکان

پیٹرول 6 روپے 10 پیسے، ہائی سپیڈ ڈیزل 97 پیسے، مٹی کا تیل 2 روپے 75 پیسے سستا ہونیکا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مہنگائی کے ستائے عوام کے لیے اچھی خبر۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پولیو ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں سے اسلحہ و دیگر سامان چھین لیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے نواحی علاقے میاں غنڈی میں نامعلوم مسلح افراد پولیو ٹیم کی ڈیوٹی پر مامور جوانوں سے اسلحہ اور بلٹ پروف جیکٹس چھین کر فرار ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز تھانہ نیو سریاب۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے پروفیسر ڈاکٹر عاصمہ یوسفزئی کی قیادت میں یونیورسٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

اسلام آباد: تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سندھ کا مقابلہ کسی شہر یا صوبے سے نہیں دنیا کے ترقی یافتہ ممالک سے ہے، بلاول بھٹو

پیپلز پارٹی نے پاکستان کے آئین کی کتاب میں بھی کردار ادا کیا، ایک ہو کر دنیا سے مقابلہ کرنا ہے آپس میں تقسیم نہیں ہونی چاہیے

پارٹی نے سب سے پہلے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا تصور پیش کیا، جو شہید بینظیر نے 1993 میں پارٹی منشور میں متعارف کروایا تھا

گورنر کے پی عدالتی احکامات پر فوری عمل کرتے ہوئے نومنتخب وزیراعلیٰ سے انکے عہدے کا حلف لیں، مرکزی چیئرمین کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ کا مقابلہ کسی شہر یا۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم نے ایف بی آر کے گریڈ 20 کے افسر کو برطرف کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے ایف بی آر کے گریڈ 20 کے افسر رانا وقار علی کو ملازمت سے برطرف کر دیا۔ وزیراعظم کی منظوری کے بعد ایف بی آر نے رانا وقار علی کی برطرفی کا نوٹیفکیشن جاری۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ایران نے ٹرمپ کی مذاکرات کی پیشکش کو متضاد قرار دیدیا

واشنگٹن کا رویہ مخالف اور مجرمانہ ہے، امریکی صدر کے بیان پر وزارت خارجہ کا ردعمل

تہران (م ڈ) ایران نے امریکی صدر ٹرمپ کی مذاکرات کی پیشکش کو متضاد قرار دے دیا۔ گزشتہ روز اسرائیلی پارلیمنٹ سے خطاب میں امریکی صدر نے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت کا بشریٰ بی بی کیخلاف 29 مقدمات کا ریکارڈ پیش کرنے کا حکم

انسداد دہشتگردی عدالت کی فریقین وکلا کو آئندہ تاریخ پر حتمی دلائل پیش کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (م ڈ) انسداد دہشت گردی عدالت نے بشریٰ بی بی کے خلاف 29 مقدمات کا ریکارڈ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ 26 نومبر احتجاج کیسز کے حوالے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

جان لیوا پولیس مقابلوں میں اضافہ تشویشناک، انسانی حقوق کمیشن

500 سے زائد مبینہ مقابلے ہو چکے ہیں 670 سے زیادہ افراد ہلاک ہوئے

اب تک صوبے میں 500 سے زائد مبینہ مقابلے ہو چکے ہیں، رپورٹ جاری

لاہور (م ڈ) پنجاب میں جان لیوا پولیس مقابلوں میں تیزی نے انسانی حقوق کے نگران اداروں کی شدید تنقید کو جنم دیا ہے، ایسے زیادہ تر مقابلے ایک نئی قائم کردہ خصوصی فورس کی جانب سے کیے گئے ہیں، انسانی حقوق کے اداروں کا کہنا ہے کہ ماورائے عدالت قتل کو فوجداری نظام انصاف کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ اخبار میں شائع رپورٹ میں انسانی حقوق کمیشن پاکستان (ایچ آر سی پی) کے مرتب کردہ اعداد و شمار کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ جنوری 2025 سے اب تک صوبے میں 500 سے زائد مبینہ مقابلے ہو چکے ہیں جن ۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

سیلاب سے زرعی شعبہ متاثر ہوا، موسمیاتی بحران پاکستان کیلئے چیلنج ہے، وزیر خزانہ

موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ ممالک کیلئے تکنیکی معاونت فنڈ کا قیام انکو مزید نقصان سے بچانے و فوری مدد کیلئے ضروری ہے، سینیٹر اورنگزیب

پاکستان میں حالیہ تباہ کن سیلابوں کے بعد زرعی شعبے اور جی ڈی پی نمو پر سنگین اثرات مرتب ہوئے ہیں، آئی ایم ایف کے حکام سے گفتگو

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے امریکا کے سرکاری دورے کے پہلے دن واشنگٹن ڈی سی میں عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور ورلڈ بینک گروپ (ڈبلیو بی جی) کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر اعلیٰ سطح کی ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کیا۔ وزیر خزانہ اور ان کے وفد نے آئی ایم ایف کے مشرق وسطیٰ اور وسطی ایشیا کے ڈائریکٹر جہاد ازعور اور ان کی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی مہم وقت کی اہم ضرورت ہے، گورنر بلوچستان

ڈاکٹرز سمیت لیڈی ہیلتھ ورکرز بھی خواتین میں بریسٹ کینسر کے حوالے سے آگاہی پھیلانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں

بروقت تشخیص سے ہی بریسٹ کینسر کا علاج ممکن ہے، ماؤں کو بریسٹ فیڈنگ کی جانب راغب کرنا ہوگا، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل 16 اکتوبر کو بیوٹمز یونیورسٹی میں عالمی ادارہ صحت کے تعاون سے ہونے والے ایک روزہ بریسٹ کینسر سیمینار سے خطاب کریں گے۔ عالمی ادارہ صحت کے تعاون سے لائف سائنسز اینڈ انفارمیٹکس بیوٹمز ایک روزہ سیمینار بعنوان "بریسٹ کینسر، آگاہی اور روک تھام" 16 اکتوبر بروز جمعرات کو منعقد کر رہی ہے جسکے مہمان خصوصی جعفر خان مندوخیل ہونگے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کی آبادی قلیل مگر بکھری ہوئی ہے لہٰذا ضروری ہے کہ بریسٹ کینسر سمیت تمام بیماریوں سے متعلق ایک عوامی آگہی مہم چلانے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ضلعی سطح پر بنیادی مراکز صحت کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ڈاکٹروں سمیت لیڈی ہیلتھ ورکرز بھی خواتین میں بریسٹ کینسر کے حوالے سے آگاہی پھیلانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں اس۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی عرب میں مستقل رہائش حاصل کرنے کا نیا قانون نافذ

سعودی حکومت اس وقت دو اقسام کی پریمیم رہائش پیش کر رہی ہے

اسکیم کے تحت رہائش حاصل کرنیوالوں کو متعدد سہولتیں دی جائیں گی

ریاض (م ڈ) کفیل کی شرط ختم! کردی گئی ہے اطلاعات کے مطابق سعودی عرب نے اپنی پریمیم رہائش (ResidencyPremium) اسکیم کے لیے اکتوبر 2025 کا نیا اپڈیٹ جاری کر دیا ہے، جس میں فیس، فوائد اور درخواست دینے کے نئے طریقہ کار کی تفصیلات شامل ہیں۔ یہ پروگرام غیر ملکی شہریوں کو سعودی عرب میں بغیر کفیل کے رہائش، کاروبار۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ سیف اللہ، مفتی محمود کانفرنس سے مولانا اسعد محمود، مولانا عبدالواسع، مولوی محمود شاہ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

فنڈز کی عدم فراہمی، مانگی ڈیم کی تعمیر تعطل کا شکار

وزیراعلیٰ کی جانب سے منصوبے کی تکمیل کیلئے رواں برس دسمبر کی ڈیڈلائن دی گئی

چار ارب روپے فنڈز ملنے کے باوجود بھی منصوبہ آئندہ برس جون تک مکمل ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کو پانی کی فراہمی کے بڑے منصوبے مانگی ڈیم کی تعمیر کا کام فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث تعطل کا شکار، چار ارب روپے کے فنڈز ملنے کی صورت میں بھی یہ منصوبہ آئندہ سال جون تک مکمل ہو سکے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے مانگی ڈیم منصوبے کو تکمیل تک پہنچانے کیلئے رواں سال دسمبر کی ڈیڈلائن دے رکھی ہے۔ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بلوچستان کے حکام نے بتایا کہ کوئٹہ میں پانی کی قلت کو دور کرنے کیلئے محکمہ آبپاشی نے 2017 میں۔۔۔۔۔ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاک افغان سرحد پر صورتحال کشیدہ، لڑائی کسی وقت دوبارہ شروع ہوسکتی ہے، وزیر دفاع

فی الحال ایک جمود کی کیفیت ہے، آپ کہہ سکتے ہیں کہ کوئی فعال جھڑپ نہیں ہو رہی، لیکن ماحول کشیدہ ہے

حالات کس کروٹ جائیں گے ہم اس امکان کو رد نہیں کر سکتے، البتہ فی الحال ایک وقتی سکون ضرور ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ افغانستان کی جانب سے پاک افغان۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ٹی ایل پی رہنما سعد اور انس رضوی کی گرفتاری کیلئے گھیرا تنگ، گھر سے نقدی اور سونا برآمد

ٹی ایل پی واقعے پر جعلی خبروں کیخلاف کارروائی شروع، فیک نیوز نیٹ ورکس بے نقاب، مرکزی کرداروں کی فہرست تیار

سربراہ سعد رضوی اور انس رضوی کی گرفتاری کیلئے اقدامات، دونوں رہنماؤں کو پرامن طریقے سے سپردگی کی ہدایت کردی

جعلی ویڈیوز اور آڈیوز کی فارنزک جانچ جاری، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو نوٹسز جاری کرنے کا سلسلہ بھی شروع کر دیا گیا، افسر

لاہور (م ڈ) ٹی ایل پی واقعے پر جعلی خبروں کیخلاف کارروائی شروع، فیک نیوز نیٹ ورکس بے نقاب، مرکزی کرداروں کی فہرست تیار کرلی گئی، عوام محتاط رہیں، غیر مصدقہ ویڈیوز یا کلپس شیئر کرنے پر کارروائی ہوسکتی ہے، ریاستی اداروں کیخلاف نفرت انگیز جھوٹ پر زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ ہے۔ حکام کے مطابق حکومت نے تحریک لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) واقعے پر جعلی خبروں کیخلاف کارروائی شروع کردی۔ ذرائع کے مطابق فیک نیوز ورکس بے نقاب۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

سوات میں پولیو ٹیم پر فائرنگ سے لیویز اہلکار شہید

پولیو ٹیم میں خواتین بھی شامل تھیں جو فائرنگ کے واقعے میں محفوظ رہیں

پشاور (م ڈ) خیبر پختونخوا کے ضلع سوات میں پولیو ٹیم پر فائرنگ کے نتیجے میں ڈیوٹی پر تعینات لیویز اہلکار عبدالکبیر شہید ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق سوات کی تحصیل مٹہ کے دور افتادہ علاقے انظر تنگے، بیاکن میں پولیو ٹیم پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے۔ ڈی پی او سوات محمد عمر نے بتایا کہ فائرنگ کے نتیجے میں پولیو ڈیوٹی پر تعینات لیویز اہلکار عبدالکبیر شہید ہوگئے، لاش۔۔۔۔۔ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

مہاجرین سے مکان و دکانیں خالی کرانے کے احکامات جاری

کوئٹہ (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر سریاب کوئٹہ نے افغان مہاجرین کو گھر اور دکانیں کرایہ پر دینے والوں سے 7 دن کے اندر اندر خالی کرانے کے احکامات جاری۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

زیر سمندر کیبل کی مرمت، انٹرنیٹ 18 گھنٹے تک سست رہے گا

پی ٹی سی ایل 3 زیر سمندر فائبر آپٹک کیبل نیٹ ورکس کی نگرانی کرتی ہے

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) انٹرنیٹ صارفین، جو پہلے ہی بالائی پنجاب اور وفاقی دارالحکومت کے کچھ علاقوں میں سیاسی نوعیت کے امن و امان کے مسائل کے باعث سروس۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

فلسطینی اتھارٹی نے ٹونی بلیئر کو غزہ منصوبے کے لیے قبول کرلیا

حماس کی سخت مخالفت برقرار، ٹونی کی نائب صدر حسین الشیخ سے ملاقات

غزہ (م ڈ) سابق برطانوی وزیراعظم ٹونی بلیئر کو غزہ کی تعمیر نو میں کردار ادا کرنے کے لیے فلسطینی اتھارٹی کی منظوری۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

افغان قیادت معاملات کو حل کرنے کی خواہشمند ہے، مولانا فضل الرحمن

پاک-افغان جنگ بندی تو ہوگئی ہے، اب زبان بندی بھی ہونی چاہیے، سربراہ جمعیت

افغان قیادت سے رابطے ہوئے ہیں، کشیدگی کم کرنے کیلئے پہلے بھی کردار ادا کیا تھا، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ افغان قیادت پاکستان کے ساتھ معاملات کو افہام و تفہیم سے حل کرنے کی خواہشمند ہے۔ کنونشن سنٹر اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سربراہ جمعیت علمائے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

شرم سے سر جھک گیا ہے، جاوید اختر کی طالبان وزیر پر تنقید

ممبئی (م ڈ) معروف بھارتی نغمہ نگار اور اسکرین رائٹر جاوید اختر نے افغان طالبان کے وزیر خارجہ امیر خان متقی کو بھارت میں دیے گئے 'استقبال' پر شدید ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ شرمندگی سے ان کا سر۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت اقتدار کی لالچ سے آزاد نظریاتی بنیادوں پر قائم ہے، مفتی اسعد محمود

ہمارے مینڈیٹ پر شب خون مار کر ہمیں مرعوب کرنیوالے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں، ہم سے مفاہمت کی امید رکھنا خام خیالی ہے

ہم نے خون سے وفا لکھی، جبکہ مخالفین نے کرسیوں سے، مولانا واسع، مولانا صلاح الدین، ملک سکندر و دیگر کا مفتی محمود کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) فرزند قائد جمعیت مولانا مفتی اسعد محمود نے قلعہ سیف اللہ کی عظیم الشان مفتی محمود کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے مینڈیٹ پر شب خون مار کر ہمیں مرعوب کرنے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں۔ شاید وہ ہماری۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر



انسداد دہشت گردی عدالت کا علیمہ خان کو گرفتار کرکے پیش کرنیکا حکم

احتجاج کیس میں آج علیمہ خان پر فرد جرم عائد ہونا تھی، پیش نہیں ہوئیں

راولپنڈی (م ڈ) انسداد دہشت گردی عدالت نے علیمہ خان کو گرفتار کرکے پیش کرنے کا حکم جاری کردیا۔ تھانہ صادق آباد۔۔۔۔۔۔ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ صفائی کی ابتر صورتحال گندگی کے ڈھیر بیماریاں پھیلانے لگے

ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن، کمشنر کوئٹہ حکام سے سنگین نوعیت کے عوامی مسائل پر نوٹس لینے کی اپیل

سید عبدالمنان آغا، حاجی میر سعد اللہ لہڑی، عبدالخالق ذاکر، قاری رحمت اللہ، زیشان ودیگر کی بات چیت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ سمیت نواحی علاقوں میں صفائی کی ابتر صورتحال، جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر نے کینوں شہریوں کا جینا محال کردیا شہریوں نیوز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان ... صفائی سالوں سالہا نہیں ہو پا رہی ہے جس کی وجہ سے مکین سخت پریشانی کا سامنا ہے گندگی کے ڈھیر پر سے بدبو اور زہریلے کیڑے مکوڑوں کے علاوہ جب رات کو اندھیرا چھا جاتا ہے تو کتوں کی ... حکومت نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے صفائی کا ٹھیکہ نجی کمپنی کو دیا ہے جب سے لیکر تک ہمارے ہزارگنجی کے علاقے کراچی روڈ بریج مارکیٹ کے صفائی ... اس عمل کیخلاف اور ہمارے مسائل کے حل کیلئے جمہوری طرز روایات کی احتجاج ریکارڈ کی جائیگی، جس کی ذمہ داری متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کے حکام پر عائد ہوگی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ پی پی ایل کے مینجنگ ڈائریکٹر سکندر علی میمن و دیگر اعلیٰ حکام کا گروپ فوٹو

نیتن یاہو صدی کا سفاک ترین درندہ صفت شخص ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

غزہ میں انسانیت سوز بربریت کی وجہ سے ساری دنیا اس پر لعنت بھیجتی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سیاسی طور پر بھی ... سفاک ترین درندہ صفت شخص ہے نیتن یاہو وہ ذہنی مریض ہے جسے معصوم انسانوں کو قتل کرکے خوشی محسوس ہوتی ہے اس دور میں نیتن یاہو دنیا کا انتہائی قابل نفرت شخص سمجھا جاتا ہے غزہ کے مسلمانوں کے خلاف اسکی بربریت کی وجہ سے ساری دنیا اس پر لعنت بھیجتی ہے ... مقدمات درج ہیں اسے عالمی عدالت میں جنگی جرائم کے تحت مقدمات کا سامنا ہے ... اور لاکھوں فلسطینیوں کے قتل عام کے مقدمات کے تحت سزائے موت دی جائے۔

معاہدے کے ملازمین مکمل تنخواہیں، پنشن ادائیگی کیلئے فنڈز جاری کیے جائیں، شاہ علی بگٹی

فوری طور پر ڈی آر 2025 کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے، صدر ایمپلائز ایسوسی ایشن کا اجلاس سے خطاب

اجلاس کے شرکا نے وائس چانسلرز اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن پر مشتمل کمیٹی کے قیام کے فیصلہ کو خوش آئند اقدام قرار دیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان یونیورسٹی کے ملازمین کو مکمل تنخواہیں، ریٹائرڈ ملازمین کو پنشن کی ادائیگی کیلئے فوری طور پر فنڈز دیے جائیں ... اور کوئٹہ کے علاوہ صوبے کی دیگر جامعات کے الاؤنسز کو جامعہ تربت کے مطابق کیا جائے۔ بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کا ہنگامی اجلاس صدر شاہ علی بگٹی کی صدارت میں منعقد ہوا، اجلاس میں جنرل سیکرٹری گل جان کاکڑ سمیت دیگر عہدیداروں نے بھرپور شرکت کی ... اجلاس میں وائس چانسلرز اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن پر مشتمل کمیٹی کے قیام کے فیصلہ کو خوش آئند اقدام قرار دیا وفاق کی طرز پر فوری طور پر ڈی آر 2025 کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے اور تعلیم دشمن پالیسیاں فوری طور پر ختم کی جائیں ...

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں دوسرے دن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پروموشن کے منتظر ملازمین کی پروموشن کے آرڈر جلد جاری کیے جائیں، محمد اشرف ناروئی

نئی پوسٹوں کا اعلان کرنے سے پہلے پروموشن دی جائے، ایپکا لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ کے صدر کا بیان

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) کے سینئر رہنما اور ایپکا لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ کے صدر محمد اشرف ناروئی نے پروموشن کے منتظر ملازمین کی فوری پروموشن کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملازمین کے پروموشن کے بغیر تعیناتیاں کسی صورت قبول نہیں پہلے ملازمین کو پروموشن دیا جائے بعد میں تعیناتیاں کیے جائیں۔ اپنے اخباری بیان میں انہوں نے کہا کہ جب تک پروموشن نہیں ہوں گی نئی تعیناتیاں قبول نہیں خاص طور پر کلاس فور ملازمین کے پروموشن پر غور کیا جائے اس سے پہلے جب بھی آسامیاں مشتہر کیے گئے پہلے پروموشن کے کیسز نمٹا دیے گئے مگر اس دفعہ انتہائی عجلت سے کام لیا جا رہا ہے ... ہم محترم کمشنر صاحب کو تمام تر صورت حال سے آگاہ کر دیا گیا ہے اگر اس کے باوجود ملازمین کے مسائل حل نہیں کیے گئے تو بحالت مجبوری احتجاج اور عدالت عالیہ کا راستہ اپنایا جائے گا۔

غنی بلوچ کو بازیاب کرایا جائے، اہل خانہ کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) غنی بلوچ کے اہل خانہ نے کہا ہے کہ غنی بلوچ کو لاپتہ ہوئے 4 ماہ سے زائد کا عرصہ گزر گیا ہے انصاف کے تمام دروازے کھٹکھٹائے مگر بازیابی ممکن نہیں ہوسکی۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ غنی بلوچ کو منظر عام پر لایا جائے ان کی بازیابی تک آواز بلند کرتے رہیں گے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی ... غنی بلوچ کی عدم بازیابی کے باعث خاندان گزشتہ 142 دنوں سے ذہنی کوفت اور بے بسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہے۔ غنی بلوچ 25 مئی 2025 سے جبری طور پر لاپتہ ہیں ... ہم عدلیہ حکومت اور انسانی حقوق کے اداروں سے اپیل کرتے ہیں کہ غنی بلوچ کی بازیابی میں اپنا کردار ادا کر کے انہیں منظر عام پر لایا جائے۔

آفاق اور جامعہ بلوچستان کے اشتراک سے تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا آغاز

چیئرمین بلوچستان بورڈ محمد اسحاق، ڈائریکٹر ٹریننگ آفاق امیر زیب، نے ورکشاپ کا افتتاح کیا

ٹریننگ ماہرین نے ورکشاپ کے انعقاد کو اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کے لیے اہم قرار دیا

کوئٹہ (پ ر) ورکشاپ جامعہ بلوچستان، وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، انٹر بورڈ کوآرڈینیشن کمیشن اور آفاق اسلام آباد کے اشتراک سے منعقد کی جا رہی ہے، جبکہ میزبانی جامعہ کے شعبہ انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز اور فیکلٹی ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ سینٹر کر رہے ہیں۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی چیئرمین بلوچستان بورڈ محترم محمد اسحاق تھے۔ دیگر مہمانوں میں ڈائریکٹر ٹریننگ آفاق امیر زیب، ڈاکٹر کنیز فاطمہ ڈائریکٹر شعبہ انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز، اور ڈاکٹر شفیق اعوان شامل تھے۔ اپنے خطاب میں مہمان خصوصی نے یادداشتی نظام سے تصوراتی سیکھنے کی جانب منتقلی کی ضرورت پر زور دیا اور ورکشاپ کے انعقاد کو اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کے لیے اہم قرار دیا۔

بلوچستان رائٹرز فورم کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس میں اہم فیصلے کیے گئے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان رائٹرز فورم کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت چیف آرگنائزر پروفیسر محمد انور زیب نے کی۔ اجلاس میں آغا غریب شاہ انجم، یونس بلوچ، حمید عزیز آبادی، استاد صابر ندیم، سائر عزیز، حیدر عاطفش، عبداللہ جوہر، عمر گل اور سلام صائم نے شرکت کی ... اجلاس میں براہوئی زبان کے معروف شاعر محمد اسحاق سوزکی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی گئی ... آخر میں ہدایت قدا کو یہ ذمہ داری سونپی گئی کہ وہ اگلے ادبی دیوان کے انعقاد کے لیے تیاری کریں۔

جونیئر سینٹر کالونی، وحدت کالونی اور جی او آر کالونی کی سالانہ مرمت کرائی جائے، رحیم کاکڑ

طویل عرصہ سے سرکاری گھروں کی مرمت کے سالانہ فنڈز کرپشن کی نظر ہو رہی ہے، سابق میر کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر ناظم رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر وائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، توقیر بھٹی، نعمت اللہ، ضیاالحق، امین آغا اور ارشد اچکزئی نے کہا ہے کہ جونیئر سینٹر کالونی، وحدت کالونی اور جی او آر کالونی کی سالانہ مرمت کئی سالوں سے نہ ہونے کے باعث رہائشی شدید مشکلات کا شکار ہیں ... انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔

عوامی سہولت کے تمام امور میں شفافیت اور تیزی یقینی بنائی جائے، ڈی سی کوئٹہ

مہراللہ بادینی نے اے سی صدر حمزہ انجم کے ہمراہ کوئٹہ تحصیل آفس کا تفصیلی دورہ کیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے اسسٹنٹ کمشنر (صدر) حمزہ انجم کے ہمراہ کوئٹہ تحصیل آفس کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے تحصیل آفس کے مختلف شعبہ جات بشمول ریکارڈ روم، پٹوارخانہ، تحصیلدار آفس، کورٹ روم اور دیگر انتظامی دفاتر کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے موقع پر موجود سائلین سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو فوری طور پر ان کے حل کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ عوامی سہولت کے تمام امور میں شفافیت اور تیزی کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر خدمات فراہم کی جا سکیں۔

کوئٹہ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ترقیات) زاہد سلیم سے (ایف اے او) انٹرنیشنل پروگرام کوآرڈینیٹر کا نمائندہ وفد ملاقات کر رہے ہیں

عوامی مسائل پر خاموشی جرم کے مترادف ہے، یوسف وقار شاہوانی

بلوچستان کے عوام اس وقت بدترین معاشی، سماجی اور انتظامی بحران کا سامنا کر رہے ہیں

کوئٹہ (پریس ریلیز) جمعیت علماء اسلام کے ضلعی رہنما حلقہ سریاب کے ترجمان یوسف وقار شاہوانی نے عوامی مسائل کے پروگرام میں کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام اس وقت بدترین معاشی، سماجی اور انتظامی بحران کا سامنا کر رہے ہیں، مگر حکومتی ایوانوں میں مکمل خاموشی چھائی ہوئی ہے۔ گیس، بجلی اور پانی جیسی بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی نے عوام کی زندگی اجیرن کردی ہے ... انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام عوام کی زبان ہے اور جب تک عوام کو ان کا حق نہیں ملتا، ہم اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

مرمتی کام کیلیے آج مختلف علاقوں میں گیس بند رہے گی

سریاب روڈ، گوہرآباد، چکول شہوانی، قمبرانی روڈ، دیگر علاقے شامل

کوئٹہ (پ ر) میں ضروری مرمتی کام کے سلسلے میں بروز بدھ، 15 اکتوبر 2025 کو صبح 00:10 بجے سے شام 00:04 بجے تک چھ گھنٹوں کے لئے مندرجہ ذیل علاقوں میں گیس کی فراہمی معطل رہے گی۔ سریاب روڈ، گوہرآباد، چکول شہوانی، قمبرانی روڈ، بکرامنڈی، مشرقی بائی پاس، لنک بادینی، بھوسہ منڈی، خلجی کالونی، قادری آباد، جنگل اسٹاپ، مل کالونی، وحدت کالونی، سیٹلائٹ ٹاؤن، پشتون آباد، غوث آباد، سرکی روڈ، گوالمنڈی، لیاقت بازار، اکرم ہسپتال، مشن روڈ، ائیرپورٹ روڈ، کرانی روڈ، جیل روڈ، بدو اور ان سے ملحقہ علاقے۔ صارفین کو اس سلسلے میں پیش آنے والی زحمت کے لئے ادارہ معذرت خواہ ہے اور ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ ان چھ گھنٹوں کے دوران متبادل انتظام کریں۔

سیکرٹری کھیل وامور نوجوانان درابلوچ اور ڈائریکٹر جنرل کھیل وامور نوجوانان ڈاکٹر یاسر خان بازئی کیچنگ یوتھ سسٹ بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب میں پیش کئے گئے ٹیبلو دیکھ رہے ہیں

پشتونخوا ایس او کے زیر اہتمام سائنس کالج میں سالانہ کانفرنس کا انعقاد

صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، چیئرمین اللہ نور خان ندا سنگر سمیت دیگر کی شرکت

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ سائنس کالج کوئٹہ کا سالانہ علاقائی کانفرنس پی ایس او کے صوبائی سیکرٹری وارث افغان کے زیر صدارت منعقد ہوا ... کانفرنس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت حافظ اسرار خان نے حاصل کی ... صوبائی ڈپٹی سیکرٹری حبیب شیرانی نے خطاب کیا

اپیکا کوئٹہ کی کابینہ کی تقریب حلف برداری 16 اکتوبر کو ہوگی

نوری نصیر خان کلچرل ہال سپنی روڈ میں صوبائی قائدین شرکت کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) اپیکا کوئٹہ کی ضلعی کابینہ کی تقریب حلف برداری مورخہ 16 اکتوبر بروز جمعرات صبح 10 بجے نوری نصیر خان کلچرل ہال سپنی روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوگی۔ تقریب حلف برداری کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے کوئٹہ کے صدر رحمت اللہ زہری جنرل سیکرٹری حمد اللہ خان خلجی کی سربراہی میں مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئی جو کہ تقریب کے تمام انتظامی و استقبالی امور کو سنبھالیں گے ... تقریب کی صدارت اپیکا بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی علی اصغر منگوئی کریں گے ... تمام محکمہ جات کے عہدیداران اور ممبران شریک ہوں گے

وفاقی محتسب کے حکم پر عبدالاحد کی زوجہ کو شناختی کارڈ جاری کروادیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالاحد کی زوجہ کا تین ماہ سے زیر التواء شناختی کارڈ جاری کروا دیا گیا۔ درخواست گزار عبدالاحد نے بتایا کہ ان کی زوجہ صبیحہ بی بی کا شناختی کارڈ جاری نہیں کیا جارہا تھا۔ انہوں نے متعدد بار نادرا دفتر کے چکر کاٹے لیکن ان کی کوئی شنوائی نہیں ہو رہی تھی۔ بالآخر مجبور ہو کر انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا ... درخواست گزار نے بروقت اور منصفانہ فیصلے پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جاری خصوصی مہم جاری

غیر معیاری اور مضر صحت گوشت کی فروخت کے خلاف مؤثر کارروائیاں کی گئیں

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جاری خصوصی مہم کے تحت کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ناقص، غیر معیاری اور مضر صحت گوشت کی فروخت کے خلاف مؤثر کارروائیاں کی گئیں۔ اس دوران بی ایف اے کی معائنہ ٹیموں نے گوالمنڈی چوک، کواری روڈ، سرکی روڈ سمیت شہر کے مختلف مقامات پر مجموعی طور پر 81 بیف، مٹن اور پولٹری شاپس کا معائنہ کیا ... 15 دکانداروں پر جرمانے عائد کیے گئے ... ترجمان کے مطابق، عوام کو معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے ... کسی بھی شکایت یا خلاف ورزی کی صورت میں بی ایف اے کی ہیلپ لائن نمبر 0333-4664507 یا سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اطلاع دیں تاکہ فوری کارروائی کی جا سکے۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی

پڑوسی ممالک کے درمیان پروپیگنڈہ کرنے والے امت کے دشمن ہیں، عبدالکبیر شاکر

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالکبیر شاکر نے کہا کہ پاکستان وافغانستان کے درمیان جھگڑے و دوریاں پروپیگنڈے کرنے والے امت مسلمہ کے دشمن ہیں ... انہوں نے کہا کہ حکومت کے بجائے اسٹیبلشمنٹ و سیکیورٹی اداروں کا ایک دم افغان دشمن پالیسی افغانوں کو اچانک دشمن بنا کر پیش کرنا دانشمندی نہیں ... جس سے دونوں ممالک کے عوام پروسیوں مہاجرین کا نقصان ہے مجاہدین کو دہشت گردوں کے طور پر پیش کرنا دشمن کا ایجنڈا ہے۔

مقامات مقدسہ کی حفاظت کی ذمہ داری ملنا پوری قوم کیلئے اعزاز ہے، جلات خان اچکزئی

بھارتی مذموم عزائم کو خاک میں ملانے کے بعد عالم اسلام کی نظریں پاکستان پر مرکوز ہوگئی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان کسٹم بونڈیڈ کیریئر ایسوسی ایشن کے مرکزی جنرل سیکرٹری اور چیمبر آف کامرس کے سابق صدر حاجی جلات خان اچکزئی نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دوطرفہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ارض پاک اور مقامات مقدسہ کی سرزمین کی حفاظت کی ذمہ داری پاکستان کو ملنا پوری قوم کیلئے اعزاز ہے ... اس معاہدے کے بعد پورے عالم اسلام کی نظریں پاکستان اور اس کے پیشہ ورانہ مہارتوں کے حامل فوج کے جانب ہے ...

عبدالنعیم انتقال کر گئے



کوئٹہ (این این آئی) عبدالنعیم انتقال کر گئے وہ عبدالقیوم کاکڑ (مرحوم) سپروائزر محکمہ تعلیم، عبدالسلیم برق کاکڑ (مرحوم) ... مرحوم کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی حافظ پلازہ مسجد نزد چاہ ڈولفنگ شاپ چوک کوئٹہ میں ہوگی۔

کوئٹہ، چیمبر آف سمال انڈسٹری کے دورہ کے موقع پر چیئرمین بی آر اے عبدالله نورزئی، چیئرمین ولی محمد و دیگر اراکین خطاب کر رہے ہیں

اسلامی اصولوں پر چلنا ہی دنیا و آخرت کی کامیابی ہے، مفتی محمد اسماعیل

نوجوان اپنی زندگی قرآن و سنت کے مطابق ڈھالیں، مولوی نورالدین نماز جمعہ سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کے زیر اہتمام نماز جمعہ کے موقع پر منعقدہ خطبے میں ممتاز علمائے کرام مفتی قاری محمد اسماعیل اور مولوی نورالدین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک مسلمان کی حقیقی کامیابی صرف اور صرف نیک راہ اور فرمانبرداری میں ہے ... مقررین نے والدین کے احترام ...

کوئٹہ میں آوارہ کتوں کی بھرمار، شہری خوف و ہراس میں مبتلا

کوئٹہ ... چیک محکمہ میٹروپولیٹن کارپوریشن اس سنگین مسئلے پر مکمل طور پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ شہر کے متعدد علاقوں میں آوارہ کتوں کی آزادانہ نقل و حرکت نے نہ صرف شہریوں کے معمولات زندگی متاثر کیے ہیں بلکہ ان کے کاٹنے کے واقعات میں بھی مسلسل اضافہ ہو رہا ہے تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے مصروف اور گنجان آباد علاقوں جن میں سیٹلائٹ ٹاؤن، بروری روڈ، زرغون روڈ، سریاب ... جیسے علاقے کتوں کی گزرگاہ بن چکے ہیں۔ ان علاقوں کے رہائشی شدید خوف و ہراس کا شکار ہیں، خاص طور پر خواتین، بچے اور بزرگ افراد شام کے اوقات میں گھروں سے نکلنے سے گریز کر رہے ہیں ایک جانب شہریوں پر حملے ہو رہے ہیں تو دوسری طرف صوبائی حکومت اور محکمہ صحت کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں۔

کوئٹہ: پشتونخوا میپ کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سلمان خان بدیزئی ضلع کوئٹہ تحصیل صدر کے زیر اہتمام منعقدہ کانفرنس میں شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، ایڈووکیٹ عائشہ بلوچ کے افسانہ کی تقریب رونمائی میں شرکاء

انتقال پر ملال

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEERII PROVINCIAL B&R KOHLU invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Bid Security 3% for each work**

S. No	Name of Work/s	Estimated Cost	Tender Fee	Last date of bid submission
1	5317 Z2025.1665 MIDDLE SCHOOL KILLI HAJI MAZAR KHAN KOHLU TSE-252610893713	34,000,000	3,000 PKR	Must be submitted electronically latest by **28 October, 2025** till **09:00 AM** through supplier dashboard EPS
2	5315 Z2025.2333 UPGRADATION OF PRIMARY GIRLS SCHOOL MARRI-ABAD KOHLU BMS CODE 09739 TO MIDDLE SCHOOL ALONGWITH NEW BUILDING KOHLU TSE-252610892953	34,000,000	3,000 PKR	Must be submitted electronically latest by **28 October, 2025** till **09:00 AM** through supplier dashboard EPS.
3	5316 Z2025.2332 UPGRADATION OF GOVERNMENT GIRLS MIDDLE SCHOOL KILLI HAJI ABDULLAH MANJRA KOHLU TSE-252610893823	28,500,000	5,000 PKR	Must be submitted latest by **28 October, 2025** till **09:00 AM**
4	5264 Z2025.1807 PROVISION OF SCHOOL FOR THADRI KOHLU TSE-252610894113	28,500,000	5,000 PKR	Must be submitted latest by **28 October, 2025** till **09:00 AM**
5	BSDI Kohlu renovation of four BHUs sub tehsil grisni, kunnal,UC sufaid & teh mawand District Kohlu TSE-252610894143	4,000,000	3,000 PKR	Must be submitted latest by **29 October, 2025** till **09:00 AM**

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over : mentioned in respective Bidding document(s) Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 / C-6 and above, refer to bidding documents In Relevant Category And Specialized Code given in bidding documents. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 3% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **5,000 PKR & 3,000 PKR(refer to bidding documents). Issuance of tender Documents** can be seen from Bidding document(s) **Last Date of bid submission:** can be seen from Bidding document(s). **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **10:00 AM Address:** Office of Executive Engineer-II Provincial B&R District Kohlu
Phone no: 3458047098 **Email:** engrjaffarkhan@gmail.com

Executive Engineer (Building)
CW,P P & H Department,
District Kohlu.

PRQ No.1890/14-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

REQUEST FOR PROPOSAL

TSE-252610894204 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agancyv or authority for prepration of Hiring of **"Consultancy Services from Consulting Firms"** Titled as Detailed Design and Top Supervision for Construction of Residential and Office Buildings for Divisional & District Administration at 46 Locations PSDP No. 164(Z2025.0492) **Bid Security 2% Detail as under:**

S.No.	Description	E/Cost
1	Detailed Design and Top Supervision for Construction of Residential and Office Buildings for Divisional & District Administration at 46 Locations PSDP No.164 (Z2025.0492)	58,293,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 49,000,000 PKR Amount in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration Valid PEC with full codes of Project Profile Codes: 1201,1215, 0510, 0511, 0531, 0532, 0533, 0536, 0537, 0542, 0543, 0544 ISO certificate having Code 9001:2015,14001:2015,45001:2018 At least MHVRA project in last 03 years Tender Fee :2000 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 27 October, 2025 till 11:00 AM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Phone no: 0819202684 Email: archsohrabmarri@gmail.com

CONSULTING ARCHITECT
CWPP&H DEPARTMENT
QUETTA

PRQ No.1892/14-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

پاکستان آذربائیجان کیساتھ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، چیئرمین سینیٹ

دونوں ممالک کے مابین دوستی کا رشتہ باہمی اعتماد، احترام اور مشترکہ ترقی کے عزم پر مبنی ہے، برادر ممالک کے تعلقات مثالی ہیں

اعلیٰ سطحی رابطے اس بات کا مظہر ہیں کہ پاکستان اور آذربائیجان اپنے قابل قدر تعلقات کو مزید وسعت اور استحکام دینا چاہتے ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اور آذربائیجان کی اسپیکر ملی مجلس صاحبہ غفارووا کے مابین اسلام آباد میں ملاقات ہوئی۔ جس میں دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی تعاون، تجارت، سرمایہ کاری اور علاقائی رابطوں کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان آذربائیجان کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ دونوں ممالک کے مابین دوستی کا رشتہ باہمی اعتماد، احترام اور مشترکہ ترقی کے عزم پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قلیل مدت میں دونوں ممالک نے ایسے مثالی تعلقات قائم کیے ہیں جو دنیا کے لیے قابل تقلید ہیں۔ اعلیٰ سطحی رابطے اس بات کا مظہر ہیں کہ پاکستان اور آذربائیجان اپنے تعلقات کو مزید وسعت اور استحکام دینا چاہتے ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے امید ظاہر کی کہ آذربائیجان کے صدر جناب الہام علییف کا متوقع دورہ دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنیاد فراہم کرے گا۔ انہوں نے اطمینان کا اظہار کیا کہ دونوں ملکوں کے درمیان ادارہ جاتی روابط باقاعدگی سے منعقد ہو رہے ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے پارلیمانی تعاون کے فروغ پر بھی اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کی پارلیمانوں کے درمیان تعلقات مزید مضبوط ہوئے ہیں۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اعلیٰ سطح پر پارلیمانی وفود کے تبادلوں کو انتہائی تسلی بخش قرار دیتے ہوئے اپنے دورہ آذربائیجان کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ ان کی سربراہی میں پاکستانی پارلیمانی وفد نے فروری 2025ء میں باکو میں منعقدہ ایشین پارلیمانی اسمبلی (APA) کے اجلاس میں شرکت کی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دونوں ممالک کی پارلیمانی فرینڈشپ گروپس کے درمیان بھی رابطے مضبوط ہو رہے ہیں، جو عوامی سطح پر تعلقات کے فروغ کا باعث بنیں گے۔ چیئرمین سینیٹ نے آذربائیجان کی اسپیکر کو نومبر میں اسلام آباد میں منعقد ہونے والی بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے بارے میں بھی آگاہ کیا اور باقاعدہ دعوت بھی دی۔ آذربائیجان کی اسپیکر نے چیئرمین سینیٹ کا شکریہ ادا کیا اور دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط کرنے کیلئے روابط کو اہم قرار دیا۔ معاشی اور سرمایہ کاری کے شعبے پر گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان آذربائیجان کو ایک اہم سرمایہ کار شراکت دار کے طور پر دیکھتا ہے۔ تجارتی روابط کے حوالے سے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اگرچہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت میں

سانحہ مرید کے کربلا والوں کی قربانیوں کا تسلسل ہے، اتحادِ اہلسنت

ہم شہداء کے وارث ہیں اور ان کے مشن کو تکمیل تک پہنچا کر دم لیں گے، رضوان قادری

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہل سنت بلوچستان کے مرکزی شوریٰ کے ممبر سید حبیب اللہ شاہ چشتی کی زیر صدارت لبیک یا اقصیٰ ملین مارچ میں پنجاب حکومت کے ظلم و بربریت کی مذمت کیلئے کوئٹہ میں تنظیمات اہلسنت علماء و مشائخ کا مذمتی اجلاس منعقد ہوا جس میں سادات کرام سید عرفان شاہ سید علی بابا شاہ سید نادر علی شاہ سید اصغر شاہ علامہ سید جنید شاہ علماء اہلسنت میں صاحبزادہ علامہ احمد رضا قمر انی علامہ شہزاد احمد رضا مدنی علامہ قاسم قاسمی علامہ قاری نور محمد حسینی علامہ شعیب قادری صدیقی علامہ خیار احمد حبیبی تحریک لبیک کے ڈویژنل امیر حاجی ظریف رضوی کوئٹہ کے امیر طارق احمد عباسی پاکستان سنی تحریک کے علی بلوچ رضوان قادری لبیک اسلام کے مولانا عمران عباسی حاجی وسیم تنظیم الفقراء حسینیہ حاجی غلام محمد حسینی انجمن طلباء اسلام و جماعت اہلسنت کے محمد سہیل اشرف میلاد کمیٹی کے نعیم مدنی کامران مدنی بزم حبیب کے فائق کلیمی بزم اعلیٰحضرت کے سردار خضر حیات آستانہ طارقیہ جہانگیریہ کے محمد نعمان قادری و دیگر موجود تھے اس موقع پر اجلاس کے شرکاء نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ مرید کے دراصل کربلا والوں کی قربانیوں کا تسلسل ہے، جہاں اہل حق نے ظلم کے خلاف سر اٹھانے کی قیمت اپنے خون سے ادا کی۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ ظلم و جبر کی تاریخ بتاتی ہے کہ اہل ایمان کے قدم ہمیشہ حق کے لیے بڑھتے رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی: مختلف واقعات ایک ٹریکٹر رکشہ اور دو موٹر سائیکلز چھین لی گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی چھتر صحبت پور اور اوستہ محمد میں مختلف واقعات ایک ٹریکٹر رکشہ اور دو موٹر سائیکلز چھین لی گئی۔ پولیس تھانہ چھتر کی حدود کوہ بریلی کے مقام پر گن پوائنٹ پر ڈاکوؤں نے جمعہ خان کو ہر سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے پولیس تھانہ صحبت پور کی حدود نادرہ آفس کے باہر عبدالمجید بادیگانی کی کھڑی موٹر سائیکل نامعلوم چابی چور چوری کر کے رفوچکر ہو گئے ڈیرہ مراد جمالی کے رہائشی رشید احمد دودکی سے سواری کا جھانسہ دیکر محبت شاخ لے جاکر ان کے ہاتھ

جاپان، 4 افراد کے قتل پر مجرم کو سزائے موت سنادی گئی

ٹوکیو (م ڈ) جاپان کے علاقے ناگانو کی ضلعی عدالت نے 34 سالہ شخص کو چار افراد کے قتل کے الزام میں سزائے موت سنا دی ہے۔ مقتولین میں دو مقامی خواتین اور دو پولیس اہلکار شامل تھے۔ یہ افسوسناک واقعہ مئی 2023 میں ناگانو میں پیش آیا تھا۔ ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ملزم نے پہلے دو شہریوں کو چاقو کے وار سے قتل کیا، اور بعدازاں پولیس کی آمد فائرنگ کر کے دو پولیس اہلکاروں کو بھی ہلاک کر دیا۔ استغاثہ نے موقف اختیار کیا کہ ملزم مکمل ہوش و حواس میں تھا اور اپنی مجرمانہ ذمہ داری سے آگاہ تھا، لہٰذا اسے سزائے موت دی جائے۔ عدالت نے تمام دلائل کا جائزہ لینے کے بعد قرار دیا کہ ملزم نے انتہائی ظالمانہ اور غیر انسانی جرم کیا، اور اس کے لیے کسی رعایت کی گنجائش نہیں

پنجگور: ڈسٹرکٹ ویجیلنس کمیٹی کا ایک اجلاس منعقد ہوا

ضلع میں جبری مشقت اور چائلڈ لیبر کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا

پنجگور (خ ن) ضلع پنجگور میں جبری مشقت اور چائلڈ لیبر کے خاتمے کے حوالے سے ڈسٹرکٹ ویجیلنس کمیٹی کا ایک اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس پنجگور میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر عبدالکبیر زرکون نے کی۔ اجلاس میں مختلف سرکاری محکموں، سول سوسائٹی، پریس کلب، بار ایسوسی ایشن اور سماجی تنظیموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں جبری مشقت اور چائلڈ لیبر کی موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ان کے خاتمے کے لیے مختلف تجاویز پیش کی گئیں۔ شرکاء نے اس امر پر اتفاق کیا کہ ضلع میں اس مسئلے کے سدباب کے لیے ضلعی سطح پر مشترکہ اور مربوط حکمت عملی ناگزیر ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ضلع بھر میں عوامی آگاہی مہمات چلائی جائیں گی تاکہ عوام میں جبری مشقت اور چائلڈ لیبر جیسے سنگین سماجی مسائل کے بارے میں شعور بیدار کیا جا سکے۔ اس موقع پر سول سوسائٹی، پریس کلب اور بار ایسوسی ایشن کے نمائندوں پر زور دیا گیا کہ وہ بھی اپنے پلیٹ فارمز کے ذریعے آگاہی اور اصلاحی کردار ادا کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ اگر ضلع میں جبری مشقت یا چائلڈ لیبر کے کسی بھی کیس کی نشاندہی ہو تو فوری طور پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں، خصوصاً محکمہ سوشل ویلفیئر کو ہدایت کی کہ انسانی حقوق کے تحفظ اور بچوں کے استحصال کے خاتمے کے لیے موثر اور فعال کردار ادا کریں۔ اجلاس کے شرکاء نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ تمام لائن ڈیپارٹمنٹس، سماجی تنظیموں اور سول سوسائٹی کے مابین قریبی رابطہ اور کوآرڈینیشن کو یقینی بنایا جائے تاکہ مانیٹرنگ اور آگاہی کے عمل کو مزید موثر بنایا جا سکے۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ضلع پنجگور میں چائلڈ لیبر اور جبری مشقت کے مکمل خاتمے کے لیے تمام سرکاری ادارے، سول سوسائٹی، میڈیا اور این جی اوز باہمی تعاون کے ساتھ مشترکہ اقدامات جاری رکھیں گے تاکہ ایسے واقعات کی روک تھام یقینی بنائی جا سکے۔

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ضلع کیچ میں جاری پولیو مہم کی مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

مسائل، ٹیموں کی کارکردگی اور دور دراز علاقوں تک رسائی کے اقدامات پر غور

تربت (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد جان بلوچ کی صدارت میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے دوسرا اہم شام کا اجلاس اسسٹنٹ کمشنر آفس تربت میں کیا گیا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ، پی پی ایچ آئی کے ضلعی سربراہ ڈاکٹر منیر احمد، ڈبلیو ایچ او کے نمائندے ڈاکٹر ارسلان بلوچ، یونیسف کے افسران اور دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندگان شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران ضلع کیچ میں جاری پولیو مہم کی مجموعی پیش رفت اور اب تک کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے مہم کے دوران سامنے آنے والے مسائل، ٹیموں کی کارکردگی اور دور دراز علاقوں تک رسائی کے اقدامات پر غور کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد جان بلوچ نے پولیو ٹیموں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہر بچے تک پولیو کے قطرے پہنچانا اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے فیلڈ انچارجز اور سپروائزرز کو ہدایت کی کہ مہم کی موثر نگرانی اور ہر یونین کونسل کی مکمل رپورٹنگ کو یقینی بنائیں

کوئٹہ: اشیائے خوردونوش کی قیمتیں آسمان پر، متوسط طبقہ رل گیا

حکومت کی ناقص پالیسیاں مہنگائی کا طوفان، عوام خودکشی کرنے پر مجبور

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ (اے کیو ایم) نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پرائس کنٹرول کمیٹیوں کی عدم موجودگی سے ملک بھر میں مظلوم اور غریب عوام رل گئے ہیں، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ نے عام شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ حکومت کی ناقص پالیسیوں اور کرپٹ وزراء کو دوبارہ وزارتیں دینے سے مہنگائی کا طوفان برپا ہے، جس کے باعث غریب عوام خودکشی پر مجبور ہو چکے ہیں اور دو وقت کی روٹی کا حصول ناممکن بن گیا ہے۔ اے کیو ایم کے مطابق ملک میں چیک اینڈ بیلنس کا کوئی نظام باقی نہیں رہا، بازاروں اور مارکیٹوں میں قصابوں، سبزی فروشوں اور دکانداروں کی من مانی قیمتیں انتظامی ناکامی کا ثبوت ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ وزیر خزانہ کی قلمدان ایک بار پھر ایسے شخص کے حوالے کی گئی ہے جو خود عدالتی مقدمات سے بچنے کے لیے بیرون ملک فرار ہوا تھا، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے

مکران ڈویژن میں بین الاقوامی انسداد بدعنوانی کا دن منایا گیا

طلبہ نے بدعنوانی کے خاتمے اور شفاف نظام کے قیام بارے خیالات کا اظہار کیا

تربت (خ ن) بین الاقوامی انسداد بدعنوانی کا دن مکران ڈویژن کی سطح پر نہایت جوش و جذبے اور جذبہ اصلاح کے ساتھ منایا گیا۔ اس موقع پر ایک پروقار تربت میں تقریب منعقد ہوئی جس میں طلبہ و طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن (اسکولز) مکران ڈویژن اور ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن مکران نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے دوران مختلف تقریری مقابلے منعقد کیے گئے جن میں طلبہ نے بدعنوانی کے خاتمے اور شفاف نظام کے قیام کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول ملٹی کالونی گوادر کی طالبہ حلیمہ عبدالسلام (کلاس دہم) نے اردو تقریری مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے ضلع اور ادارے کا نام روشن کیا۔ تقریب مہمان خصوصی نے نمایاں کارکردگی دکھانے والی طالبات کو مبارکباد پیش کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ نوجوان نسل میں ایمانداری، دیانت اور شفافیت کے فروغ کے لیے ایسے پروگرام مستقبل میں بھی

تمام محکمے ضلع میں جاری منصوبوں کو بروقت مکمل کریں، ڈی سی گوادر

ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس منعقد ہوا، متعلقہ حکام کی شرکت

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر حمود الرحمٰن کی زیر صدارت ضلع میں ترقیاتی منصوبوں اور جاری کاموں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور، ایکسین بی اینڈ آر منصور بلوچ، ایکسین پی ایچ ای مومن بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زاہد حسین، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عیسیٰ بلوچ، سوشل ویلفیئر آفیسر عبیداللہ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر حمود الرحمٰن نے تعلیمی اداروں میں جاری تعمیراتی کاموں، اسکولوں کی سولرائزیشن اور دیگر مسائل پر متعلقہ افسران سے تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے تعلیم کے فروغ اور تعلیمی سہولیات میں بہتری کے لیے افسران کی تجاویز بھی حاصل کیں اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر گوادر میں جاری آبی بحران کی صورتحال پر بھی گفتگو کرتے ہوئے کہا

گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا وفد آج انڈونیشیا پہنچے گا

انٹرنیشنل کری ایٹوز ایکسچینج کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے جائیں گے

گوادر (خ ن) گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کا اعلیٰ سطحی وفد صدر جنید ہوت کی سربراہی میں آج انڈونیشیا پہنچے گا، جہاں وہ انٹرنیشنل کری ایٹوز ایکسچینج (ICE) کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کرے گا وفد میں چیمبر کے جنرل سیکرٹری خالد سیف اور سینئر نائب صدر نعیم رشید بھی شامل ہیں۔ اس معاہدے کا مقصد پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان تجارتی، سرمایہ کاری، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سیاحت، میرین اور فشریز کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دینا ہے گوادر چیمبر انڈونیشی سرمایہ کاروں کو گوادر فری زون، لاجسٹکس، فشریز، انفراسٹرکچر اور آئی ٹی سیکٹر میں سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرے گا۔ اسی طرح انٹرنیشنل کری ایٹوز ایکسچینج انڈونیشیا میں پاکستانی نوجوانوں کے لیے کاروباری تربیت، بندرگاہی انتظامات اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق پروگرام منعقد کرے گا چیمبر آف کامرس کا یہ دورہ دونوں اداروں کے درمیان سیاحت، ثقافتی تبادلوں اور میرین انڈسٹری کے فروغ کے لیے مشترکہ اقدامات کریں گے، جن میں فش پراسیسنگ، کولڈ اسٹوریج، ایکسپورٹ سہولیات، اور آئی ٹی پر مبنی تجارتی رابطوں کا قیام شامل ہے گوادر چیمبر کے صدر جنید ہوت نے روانگی سے قبل اپنے پیغام میں کہا کہ یہ دورہ گوادر اور انڈونیشیا کے درمیان معاشی تعلقات کو ایک نئے مرحلے میں داخل کرے گا

خضدار: منشیات و مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، ملزم گرفتار

خضدار (آن لائن) ایس ایچ او سٹی اور ایگل موٹر سائیکل گشت ٹیم کی منشیات فروشوں کے خلاف ایک اور کامیاب کارروائی۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر کے حکم پر منشیات کے خلاف مہم میں ایس ایچ او سٹی عبداللہ غازی، عبدالحق توتانی نے منشیات فروش سعداللہ کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں چرس گردہ اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

ریلوے ڈرائیورز کی حفاظت اور کمفرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، وزیر ریلوے

مسافروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنا وزارت ریلوے کی اولین ترجیح ہے اور بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں پر سخت کارروائی کی جائے

اینٹی انکروچمنٹ مہم جاری رکھی جائے تاکہ ریلوے کی اراضی کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے اور قومی اثاثے کے تحفظ کو ہر حال میں برقرار رکھا جائے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی زیر صدارت وزارت ریلوے میں آج پشاور ریلوے ڈویژن کے امور پر ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کا مقصد ڈویژن کے آپریشنز، مینٹیننس، مسافروں کی سہولیات، صفائی ستھرائی، سولرائزیشن اور اینٹی انکروچمنٹ مہم کے حوالے سے جامع جائزہ لینا اور مستقبل کے لیے حکمت عملی مرتب کرنا تھا۔ اس اجلاس میں پشاور ریلوے ڈویژن کی جانب سے وزیر ریلوے کو آن لائن تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں ڈویژن کی کارکردگی، ٹرینوں کی وقت کی پابندی، اسٹیشنوں کی صفائی، ٹوملیشن کی موثر کارروائی، مسافروں کی سہولت اور دیگر اہم پہلوؤں پر تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔ ڈی ایس پشاور، فرمان حق نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ پشاور ریلوے ڈویژن میں ٹرینوں کی پنکچوئلٹی 99 فیصد تک پہنچ چکی ہے، جو ایک قابل ستائش کارکردگی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ پچھلے تین ماہ کے دوران ٹرینوں میں کھٹمل، مچھر یا ال بیگ جیسی شکایات موصول نہیں ہوئی، جبکہ ٹوملیشن مہم موثر انداز میں جاری ہے۔ اسٹیشنوں اور ٹرینوں پر صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا گیا تاکہ مسافروں کو ایک صاف ستھرا اور محفوظ سفر فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ پشاور ڈویژن کے 9 اسٹیشن مکمل طور پر سولر انرجی پر منتقل کر دیے گئے ہیں، جبکہ 1400 ریلوے کوارٹرز کی سولرائزیشن اور میٹرائزیشن بھی کامیابی سے مکمل ہو چکی ہے، جس سے نہ صرف توانائی کی بچت ہوگی بلکہ ریلوے انفراسٹرکچر مزید جدید اور ماحول دوست بھی بنے گا۔

پنجگور: بجلی کی طویل بندش، شہری اذیت میں مبتلا

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں بجلی کی بدترین اور طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ تفصیلات کے مطابق شہر میں رات 10 بجے سے صبح 9 بجے تک بجلی کی مسلسل بندش کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث شہری شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ ابھی تک موسم میں مکمل سردی شروع نہیں ہوئی، اس کے باوجود لوگ راتوں کو مچھروں کے ساتھ جاگنے پر مجبور ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق گرمیوں کے موسم میں جب شہری صحن میں سوتے تھے تو بجلی فراہم کی جاتی تھی، مگر اب جب لوگوں کو گھروں کے اندر بجلی کی ضرورت ہے تو رات بھر بند رکھی جاتی ہے۔ خاص طور پر سورودفیڈر کے علاقوں میں بجلی کا نام و نشان تک نہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کیسکو پنجگور بل دینے والے صارفین سے ناروا سلوک روا رکھتا ہے جبکہ چوری کے بجلی استعمال کرنے والوں کو مکمل سہولت دی جاتی ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق مکران ڈویژن میں سب سے زیادہ لوڈشیڈنگ ضلع پنجگور میں کی جا رہی ہے، جس پر شہریوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کیا ہے۔ اہل پنجگور نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ رات کے اوقات میں بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور عوامی نمائندے اپنے حلقے کے مسائل کے حل کے لیے فوری کردار ادا کریں، کیونکہ ان کی خاموشی شہریوں کے لیے باعث تشویش بن چکی ہے۔

اورماڑہ: ساحلوں پر سمندری کچھوے کا انڈے دینے کا سیزن شروع

ساحل پر موجود کچھوں سے فاصلہ رکھیں، ان کے گھونسلوں اور انڈوں کی حفاظت لازمی

سمندری کچھوے ماحولیاتی نظام کا اہم حصہ، انسانی مداخلت انکی بقا کیلئے خطرناک ہوسکتی ہے

اورماڑہ (یو این اے) اورماڑہ کے نواحی علاقے تاک کے ساحل ان دنوں ایک غیر معمولی منظر پیش کر رہے ہیں جہاں سمندری کچھوے نے انڈے دینے کے لیے اپنا پڑاؤ ڈال دیا ہے۔ مقامی افراد کے مطابق ان دنوں سمندری کچھوں کی بڑی تعداد کو ساحل پر دیکھا جا رہا ہے۔ مقامی لوگوں نے بتایا کہ مادہ کچھوے خاص طور پر شام اور صبح سویرے ساحل پر آتی ہیں اور ریت میں گڑھے کھود کر انڈے دیتی ہیں۔ انڈے دینے کے بعد وہ گڑھوں کو احتیاط سے ریت سے بھر کر واپس سمندر کا رخ کرتی ہیں۔ وائلڈ لائف ماہر اور ماحولیاتی تجزیہ کار محمود سگار نے اس خبر کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان کے سمندر میں پائی جانے والی کچھوں کی مادائیں زیادہ تر جولائی سے دسمبر کے دوران انڈے دینے کے لیے مکران کے ساحلوں کی طرف آتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سبز کچھوں کے انڈے دینے کا سیزن اس وقت عروج پر ہے، اور نومبر مہینہ اس سیزن کا اہم ترین مرحلہ ہے۔ محکمہ وائلڈ لائف گوادر کے سب ڈویژنل آفیسر عصمت علی ذگارزئی نے مقامی افراد کی جانب سے بھیجی گئی ویڈیوز کی بنیاد پر تصدیق کی کہ تاک کے ساحل پر انڈے دیتی ہوئی مادہ سبز کچھوا ہی ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا سیزن اپنے عروج پر پہنچنے والا ہے۔ ایس ڈی او وائلڈ لائف نے عوام اور ساحل پر جانے والوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سمندری کچھوں سے فاصلہ رکھیں اور انہیں کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائیں۔ ان کے قدرتی عمل میں خلل ڈالنا ان کی بقا کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ہمیں ان کے انڈوں اور گھونسلوں کی حفاظت کو یقینی بنانا چاہیے تاکہ یہ نسلیں پروان چڑھ سکیں اور بلوچستان کے ساحلوں کا یہ نایاب منظر برقرار رہے۔

زیارت، ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گوادر، اسسٹنٹ کمشنر سعید کلیم گفتریانی کی صاف، شفاف اور منصفانہ تقسیم کے عمل کی مانیٹرنگ کے حوالے سے متعلقہ اداروں کے نمائندوں کے ہمراہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبے کے عوام کو معیاری طبی سہولتیں فراہمی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ

تمام ضلعی اسپتالوں میں ایمرجنسی سروسز کو جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر علاج میسر آ سکے، وزیر صحت بلوچستان

حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کر رہی ہے، اور عوام جلد ان منصوبوں کے ثمرات حاصل کریں گے، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے کے عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ تمام ضلعی اسپتالوں میں ایمرجنسی سروسز کو جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر علاج میسر آ سکے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس قبل انہوں نے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ صوبے بھر کے اسپتالوں میں سہولیات کی بہتری، نئے بنیادی صحت مراکز کے قیام اور طبی عملے کی کمی کو پورا کرنے کے لیے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ بخت محمد کاکڑ نے ہدایت کی کہ تمام ضلعی اسپتالوں میں ایمرجنسی سروسز کو جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر علاج میسر آ سکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں عوام کو صحت کی سہولتوں کی فراہمی کے لیے موبائل میڈیکل یونٹس کا دائرہ کار وسیع کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صحت کے شعبے میں شفافیت اور کارکردگی میں بہتری کے لیے جدید نظام متعارف کرایا جا رہا ہے وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کر رہی ہے، اور عوام جلد ان منصوبوں کے ثمرات حاصل کریں گے۔

عوام کی خدمت ہی ہماری سیاست کا بنیادی مقصد ہے، زرک مندوخیل

بلوچستان کی ترقی پورے پاکستان کی ترقی سے جڑی ہوئی ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی انجینئر زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت ہی ان کی سیاست کا بنیادی مقصد ہے بلوچستان کی ترقی پورے پاکستان کی ترقی سے جڑی ہوئی ہے، اور ہم سب کو مل کر صوبے کی خوشحالی کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا یہ بات انہوں نے مقامی عمائدین اور عوامی نمائندوں کے ہمراہ اپنے حلقے کے مختلف علاقوں کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی انجینئر زرک مندوخیل نے اس موقع پر سڑکوں کی تعمیر، تعلیمی اداروں کی بہتری، اور بنیادی صحت کے منصوبوں کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی پورے پاکستان کی ترقی سے جڑی ہوئی ہے، اور ہم سب کو مل کر صوبے کی خوشحالی کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کے مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ ہے اور ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے

مرید کے میں ہونے والی سانحے کی مذمت کرتے ہیں، ذوالفقار علی طارق

پرامن اور نہتے کارکنوں پر فائرنگ اور لاٹھی چارج ظلم و جبر کی بدترین مثال ہیں

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری ڈاکٹر میر شبیر احمد کھوسہ ڈاکٹر محمد طاہر ڈاکٹر محمد شریف چشتی انجینئر محمد عامر جتوئی نے اپنی مذمتی اور مشترکہ بیان میں تحریک لبیک مرید کے میں ہونے والی سانحے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مرید کے میں تحریک لبیک پاکستان کے پرامن اور نہتے کارکنوں پر فائرنگ اور لاٹھی چارج کے واقعات ریاستی ظلم و جبر کی بدترین مثال ہیں۔ پرامن ریلی کے شرکاء پر طاقت کے بے جا استعمال سے قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوا، جس کی سخت ترین مذمت کی جاتی ہے۔ پنجاب حکومت نے مرید کے کی سرزمین پر نہتے مظاہرین کے خون سے ہولی کھیلی ہے، جو انسانی حقوق، قانون اور انصاف کے تمام اصولوں کی پامالی ہے

آئی ایم ایف اور صومالیہ کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا

موغادیشو (م ڈ) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے کہا ہے کہ اس نے صومالیہ کے ساتھ اسٹاف سطح کا معاہدہ طے کر لیا ہے جس کا مقصد ایکسٹینڈڈ کریڈٹ فیسلٹی (ای سی ایف) پروگرام کے تحت چوتھے جائزے کی تکمیل ہے۔ شنہوا کے مطابق آئی ایم ایف نے جاری بیان میں کہا کہ یہ معاہدہ 16 ستمبر سے 8 اکتوبر تک ہونے والی بات چیت کے بعد طے پایا جس کی قیادت صومالیہ کے لیے آئی ایم ایف مشن چیف ران پی نے کی۔ معاہدے کی منظوری آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ سے مشروط ہے، جس کے بعد صومالیہ کو 3 کروڑ ڈالر جاری کیے جائیں گے۔ ران پی نے کہا کہ غیر ملکی امداد میں کٹوتیوں کے منفی اثرات کو کم کرنے اور اصلاحاتی کوششوں کی حمایت کے لیے صومالیہ کی حکومت نے ایکسٹینڈڈ کریڈٹ فیسلٹی کے تحت تقریباً 4 کروڑ ڈالر کی اضافی مالی معاونت کی درخواست کی جو چوتھے اور پانچویں جائزوں کی تکمیل پر مساوی قسطوں میں جاری کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس معاہدے کی منظوری کے بعد دسمبر 2023 میں منظور شدہ ای سی ایف پروگرام کے تحت مجموعی طور پر تقریباً 10 کروڑ ڈالر کی ادائیگی ہو جائے گی۔ آئی ایم ایف کے مطابق 2024 میں 4.1 فیصد کی مضبوط اقتصادی نمو کے بعد صومالیہ کی معیشت کو 26-2025 میں غیر ملکی امداد میں شدید کمی اور موسمیاتی اثرات کے باعث کمزور امکانات کا سامنا ہے۔ اب 2025 میں حقیقی جی ڈی پی کی شرح نمو 3 فیصد اور 2026 میں 3.3 فیصد رہنے کی توقع ہے۔ مہنگائی تقریباً 3.5 فیصد پر مستحکم رہے گی تاہم خوراک کی قیمتوں میں اضافہ برقرار رہنے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف نے خبردار کیا کہ قریب المدت منظرنامے میں خدشات غالب ہیں

گوادر، اسسٹنٹ کمشنر پسنی ہیبتان خان نگی انسداد پولیو مہم کے فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لے رہے ہیں

زیارت ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، متعلقہ حکام شریک

ڈسٹرکٹ میں جاری کاموں کی پیشرفت، کوالٹی اور بروقت تکمیل پر بات چیت

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ کی زیر صدارت زیارت ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایف سی میجر عامر، ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر صغیر احمد، ڈی ایچ او ڈاکٹر یاسر بلوچ، ایکسین شبک گنگلوکری، ایس ڈی او ایریگیشن عبدالقادر دمڑ نے شرکت کی اجلاس میں ڈسٹرکٹ میں جاری کاموں کی پیشرفت، کوالٹی اور بروقت تکمیل پر تفصیلی بات چیت ہوئی ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ نے افسران کو سخت انسٹرکشن دیتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کاموں کو بلوچستان ڈویلپمنٹ انسٹیٹیوٹ کے مطابق بروقت اور معیار کے مطابق مکمل کیا جائے، ترقیاتی کام عوام کی امانت ہے ترقیاتی کاموں کی تکمیل سے عوام مستفید ہوں گے ترقیاتی کام میں سستی اور ناقص میٹریل کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ وہ جو ہی ترقیاتی کاموں کے دورے کریں گے جہاں کوتاہی ہوگی وہاں پر کارروائی کی جائے گی، زیارت ایک خوبصورت اور پرکشش پرفضاء سیاحتی مقام ہے زیارت کی خوبصورتی میں مزید اضافہ کریں گے۔

پنجگور میں انسداد پولیو مہم کا آغاز، ہر بچے تک ویکسین پہنچانے کا عزم

والدین اور عوام ٹیموں سے تعاون کریں تاکہ پولیو جیسے مہلک مرض کا مکمل خاتمہ ممکن ہو، ڈی سی

پنجگور (یو این اے) ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالکبیر زرکون نے اپنے دفتر میں انسداد پولیو مہم کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کیا اور کہا کہ ضلع پنجگور کے ہر بچے تک پولیو ویکسین کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ یہ مہم 13 اکتوبر سے 17 اکتوبر 2025 تک جاری رہے گی، جس دوران پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ افتتاحی تقریب میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عابد ریکی، عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے پولیو آفیسر ڈاکٹر ارسلان، اور ڈی ایس ایم ایس اکرام بلوچ بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالکبیر زرکون اور ڈی ایچ او ڈاکٹر عابد ریکی نے اس موقع پر کہا کہ عوام الناس، والدین اور تمام

پنجگور: ڈینگی کیسز میں اضافہ، 44 مریضوں کی تشخیص، محکمہ صحت متحرک

زیادہ تر متاثرہ افراد کراچی سے آنے والے ہیں، ٹیچنگ اسپتال میں ایمرجنسی وارڈ قائم

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں ڈینگی وائرس کے کیسز میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پنجگور ڈاکٹر عابد ریکی نے ٹیچنگ اسپتال پنجگور کے ایم ایس ڈاکٹر وزیر احمد بلوچ کے ہمراہ پریس بریفنگ کے دوران بتایا کہ اب تک ڈینگی کے 44 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، جن میں 24 کیسز ٹیچنگ اسپتال کی لیبارٹری اور 20 کیسز مختلف پرائیویٹ لیبارٹریز میں رپورٹ ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیشتر مریضوں کا تعلق دوسرے علاقوں بالخصوص کراچی سے ہے، جو سفر کے بعد پنجگور پہنچے۔ ڈاکٹر عابد ریکی کے مطابق ڈینگی کی صورتحال پر قابو پانے کے لیے محکمہ صحت متحرک ہے اور کل کوئٹہ سے محکمہ صحت کی خصوصی ٹیم پنجگور پہنچ رہی ہے جو مزید اقدامات کرے گی۔ ڈی ایچ او پنجگور نے بتایا کہ ٹیچنگ اسپتال میں ڈینگی کے لیے خصوصی ایمرجنسی وارڈ قائم کر دیا گیا ہے، تاہم تاحال کوئی مریض داخل نہیں ہوا، زیادہ تر افراد ٹیسٹ کروا کر واپس چلے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسپتال میں ڈینگی کی تشخیص سے لے کر علاج تک تمام سہولیات دستیاب ہیں۔ ڈاکٹر عابد ریکی نے مزید بتایا کہ ڈینگی کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے فوری طور پر اسپرے مہم شروع کی جا رہی ہے اور محکمہ صحت کی ٹیمیں مختلف علاقوں میں جا کر اسپرے کریں گی تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔

فرانس کے صدر میکرون کا عہدے سے مستعفی ہونے سے انکار

ایمانوئل میکرون کی حکومت کو اس وقت دو عدم اعتماد کی تحریکوں کا سامنا ہے

پیرس (م ڈ) فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون نے اپنے سیاسی مخالفین کے استعفے کے مطالبات کو سختی سے مسترد کر دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ وہ اپنے دوسرے اور آخری صدارتی دور (2027) کے اختتام سے قبل مستعفی ہونے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے۔ ایمانوئل میکرون کی حکومت کو اس وقت دو عدم اعتماد کی تحریکوں کا سامنا ہے، جو ممکنہ طور پر ان کے اختتام تک حکومت گرا سکتی ہیں۔ تاہم صدر میکرون نے اپنے مخالفین پر ملک کو غیر مستحکم کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ وہ تسلسل اور استحکام کے حامی ہیں۔ فرانسیسی صدر اس وقت مصر کے شہر شرم الشیخ میں غزہ جنگ بندی سے متعلق اجلاس میں شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر کا اصل مینڈیٹ ہے خدمت کرنا، خدمت کرنا اور خدمت کرنا۔

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع و متنوع مواقع موجود ہیں، بلال خان کاکڑ

بی بی او آئی ٹی نے صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ، صنعتی ترقی اور سرمایہ کاری کے مواقع بڑھانے کے لئے موثر اقدامات اٹھائے ہیں

BBOIT نے حالیہ دنوں میں مختلف صنعتی و تجارتی منصوبوں پر کام تیز کر دیا ہے، جس کے مثبت اثرات معیشت پر نمایاں ہونا شروع ہو گئے ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBOIT) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بی بی او آئی ٹی نے صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ، صنعتی ترقی اور سرمایہ کاری کے مواقع بڑھانے کے لئے موثر اقدامات اٹھائے ہیں جن کے نتیجے میں صوبے کی معاشی ترقی کی رفتار میں بہتری اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں جنہیں بروئے کار لا کر نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کی اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کیا جا سکتا ہے۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ نے حالیہ دنوں میں مختلف صنعتی و تجارتی منصوبوں پر کام تیز کر دیا ہے، جس کے مثبت اثرات معیشت پر نمایاں ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بی او آئی ٹی نے سرمایہ کاروں کے لیے سہولت کاری کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا ہے تاکہ سرمایہ کاروں کو ایک ہی چھت کے نیچے تمام بنیادی سہولیات فراہم کی جا سکیں، ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں سے رابطے کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں صنعتی زونز کے قیام اور موجودہ زونز کی توسیع پر بھی کام جاری ہے، جس سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور صوبے کی معیشت میں استحکام آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری ماحول کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے

غزہ جنگ بندی، یوکرین میں بھی امید پیدا ہوگئی، ولادیمیر زیلنسکی

کیف (این این آئی) یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے غزہ جنگ بندی معاہدے کی غیر معمولی طور پر تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس جنگ بندی معاہدے کے بعد یوکرین میں بھی یہ امید بڑھ گئی ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ جنگ کا خاتمہ کرا سکیں گے اور وہ اس میں کامیاب ہوں گے کہ وہ روس کی جنگی جارحیت سے یوکرین کو بچائیں۔ ولادیمیر زیلنسکی نے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر اپنے بیان میں کہا جب دنیا کے ایک خطے کے لیے امن کا حصول ممکن ہو سکتا ہے تو دوسرے خطے کے لیے بھی امن کی امید بڑھ جاتی ہے۔

انکم ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کی آخری تاریخ میں توسیع کی جائے، سید امان شاہ

ٹیکس دہندگان کو ذہنی دباؤ سے بچانے اور سہولت دینے کیلئے ایف بی آر فوری اقدامات کرے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی کے صوبائی کوآرڈینیٹر بلوچستان سید امان شاہ نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) سے مطالبہ کیا ہے کہ انکم ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کی آخری تاریخ، جو کہ اس وقت ٹیکس سال 2025 کے لیے 15 اکتوبر 2025 مقرر ہے، کو 31 اکتوبر 2025 تک بڑھا دیا جائے۔ عوام پاکستان پارٹی کے صوبائی کوآرڈینیٹر سید امان شاہ نے ٹیکس دہندگان کے لیے دوستانہ رویہ اپنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ایف بی آر فوری اقدامات کرے، تاکہ ان مسائل کا حل نکالا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس دہندگان کو ان کے قانونی فرائض پورے کرنے، ذہنی دباؤ سے بچانے اور سہولت دینے کے لیے آخری تاریخ میں توسیع نہایت ضروری ہے۔ سید امان شاہ نے مزید کہا کہ بہت سے ٹیکس دہندگان ضروری مالیاتی ریکارڈ جمع

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہیگا، محکمہ موسمیات

شمالی اضلاع میں رات و صبح کے اوقات سرد، درجہ حرارت میں مختلف اضلاع میں نمایاں فرق

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں موسم کی صورتحال کے مطابق صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک ہے جبکہ شمالی اضلاع میں رات اور صبح کے اوقات سرد رہیں گے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27، قلات میں 24، زیارت میں 20، اور ژوب میں 28 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ سبی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37، تربت میں 35، نوکنڈی میں 35 اور چمن میں 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔ ساحلی اضلاع میں گوادر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31 اور جیوانی میں 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے عوام کو سردیوں کے آغاز میں شمالی اضلاع میں صبح اور رات کے اوقات میں گرم لباس پہننے اور ساحلی علاقوں میں دھوپ سے بچنے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔ آئندہ چند دنوں کے دوران صوبے میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے، جبکہ ساحلی اضلاع میں ہلکی ہوا چلنے کی توقع ہے۔

ڈبلیو ایچ او کا بھارت میں تیار کردہ کھانسی کے شربت سے متعلق عالمی انتباہ

جنیوا (م ڈ) عالمی ادارہ صحت نے ایک صحت ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ بھارت میں تیار کردہ تین کھانسی کے شربت آلودہ پائے گئے ہیں، جن سے بچوں کی ہلاکتوں کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ڈبلیو ایچ او نے دنیا بھر کے ممالک پر زور دیا ہے کہ اگر ان کے ہاں ان دواؤں کی موجودگی کا پتہ چلے تو فوراً رپورٹ کریں۔ ڈبلیو ایچ او نے یہ بھی کہا ہے کہ ان دواؤں میں مہلک آلودگی کی موجودگی کی تحقیقات جاری ہیں، اور وہ عالمی سطح پر ممالک سے تعاون کی اپیل کر رہا ہے تاکہ جعلی یا مضر صحت دواؤں کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔ اگر ان کے ہاں ان دواؤں کی موجودگی کا پتہ چلے تو فوراً رپورٹ کریں۔ ڈبلیو ایچ او نے یہ بھی کہا ہے کہ ان دواؤں میں مہلک آلودگی کی موجودگی کی تحقیقات جاری ہیں، اور وہ عالمی سطح پر ممالک سے تعاون کی اپیل کر رہا ہے تاکہ جعلی یا مضر صحت دواؤں کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔

اورالائی، کمشنر ژوب ڈویژن ولی محمد بڑیچ سے سردار زادہ ایوب خان ناصر ملاقات کر رہے ہیں

گوادر، ڈپٹی کمشنر حمود الرحمٰن سے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر صابر علی بلوچ محکمہ لائیو اسٹاک کے امور کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ: غیر لائسنس یافتہ کلینکل لیبارٹریز اور میڈیکل سینٹرز عوامی صحت کیلئے خطرہ

شہر میں چلنے والی تین مختلف لیبارٹریز میں شوگر ٹیسٹ کے نتائج مختلف آنے سے علاج میں الجھن اور ذہنی پریشانی پیدا ہوئی، شہری مقصود احمد

محکمہ صحت بلوچستان کا چیک اینڈ بیلنس نظام ناکام، ہمہ شمہ ماہر صحت بنے ہوئے ہیں، شہریوں کا فوری کارروائی اور اصلاحات کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پرائیویٹ اور بغیر لائسنس چلنے والی غیر معیاری لیبارٹریز اور میڈیکل اسٹورز کی بھرمار نے عوام کی صحت کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ محکمہ صحت بلوچستان کا چیک اینڈ بیلنس کا نظام ناکام دکھائی دے رہا ہے، جبکہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کے بلند و بانگ دعوے عملی طور پر ادھورے ثابت ہو رہے ہیں۔ شہر میں متعدد ایسی لیبارٹریاں بغیر کسی قانونی رجسٹریشن، تربیت یافتہ اسٹاف یا جدید مشینری کے بغیر کام کر رہی ہیں۔ ان لیبارٹریز سے حاصل کردہ ٹیسٹ رپورٹس غیر مستند اور غیر یکساں پائی جاتی ہیں، جو نہ صرف غلط علاج کا سبب بن سکتی ہیں بلکہ انسانی جانوں کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ شہری مقصود احمد نے بتایا کہ انہوں نے جناح روڈ پر واقع تین مختلف لیبارٹریز سے اپنا شوگر فاسٹنگ ٹیسٹ کروایا، لیکن حیرت انگیز طور پر تینوں رپورٹس میں شوگر کی سطح مختلف نکلی: ایک رپورٹ نارمل، دوسری میں کم اور تیسری میں بہت زیادہ شوگر ظاہر کی گئی۔ اس تضاد نے انہیں ذہنی پریشانی میں مبتلا کر دیا اور علاج کے انتخاب میں الجھن پیدا کی۔ ماہرین طب کے مطابق غیر مستند لیبارٹریز کے ٹیسٹ رپورٹس پر علاج کروانا نہایت خطرناک ہو سکتا ہے، جس سے غلط دوا کا استعمال، پیچیدگیاں اور بعض اوقات موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔ کوئٹہ میں درجنوں میڈیکل اسٹورز بھی بغیر کسی مستند فارماسسٹ یا لائسنس کے کام کر رہے ہیں، اور غیر تربیت یافتہ عملہ مہنگی اور حساس ادویات فروخت کر رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق محکمہ صحت بلوچستان کے پاس موثر مانیٹرنگ ٹیمیں نہ ہونے کے برابر ہیں

حکومت بلوچستان عوام کی خدمت کیلئے بھرپور عزم رکھتی ہے، فیصل جمالی

عوامی خدمت ہماری سیاست کا بنیادی مقصد ہے، صوبے اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

زرعی لائیو اسٹاک سیکٹر کی بہتری، آبپاشی کے نظام کی بحالی اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہے ہیں

اوستہ محمد (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سردار زادہ فیصل خان جمالی اور سردار محمد ہارون خان جمالی سے گوٹھ سردار رستم خان جمالی جھڈرہ میں علاقے کے ممتاز سماجی، سیاسی و قبائلی شخصیات سید لیاقت علی شاہ، سید مہتاب علی شاہ، ڈاکٹر مقبول احمد جمالی، تحصیلدار علی گوہر کھوسہ، ایکسین ایریگیشن غلام مصطفیٰ جاڈیو سمیت دیگر معززین نے علاقے کے ملاقات کی۔ اور اپنے مسائل پیش کی اس موقع پر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے شرکاء کو یقین دلایا کہ حکومت بلوچستان عوام کی خدمت کے لیے بھرپور عزم رکھتی ہے، اور پیپلز پارٹی عوام کے حقوق کی نگہبان جماعت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت ان کی سیاست کا بنیادی مقصد ہے، اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی و لائیو اسٹاک سیکٹر کی بہتری، آبپاشی کے نظام کی بحالی اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے حکومت ٹھوس اقدامات کر رہی ہے۔ سردار فیصل خان جمالی نے افسران کو ہدایت دی کہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے میکانزم مزید موثر بنایا جائے تاکہ عوامی ریلیف یقینی ہو سکے۔ آخر میں علاقے کے عمائدین نے سردار زادہ فیصل خان جمالی اور سردار محمد ہارون خان جمالی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کاوشوں سے علاقے میں ترقی و خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر، پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم اے ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر: 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر: 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 15 اکتوبر 2025ء

معاشی میدان میں ملنے والی کامیابیاں: مثبت اشارے اور مستحکم ہوتی معیشت

وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب جوان دنوں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں میں شرکت کے سلسلے میں واشنگٹن میں موجود ہیں نے گزشتہ روز پاکستان بزنس کونسل کے وفد، امریکہ محکمہ خزانہ کے حکام سے بات چیت کرتے ہوئے ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ حکومت معیشت کی بحالی و استحکام کے لئے اصلاحات کے ایجنڈے پر کاربند ہے انہوں نے امریکہ کے ساتھ ہونے والے ٹیرف معاہدے پر کامیاب مذاکرات کو خوش آئند قرار دیا اور ساتھ ہی یہ بھی کہا ہے کہ حکومت کاروباری طبقے کی مشکلات سے واقف ہے اور انہیں زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لئے اقدامات کر رہی ہے

انہوں نے امریکی کمپنیوں کو تیل و گیس، معدنیات، زراعت اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت بھی دی۔ اس موقع پر انہوں نے شرکاء کو پاکستان کے معاشی اشاریوں میں ہونے والی بہتری سے آگاہ کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ملک کی ترقی میں نجی شعبے کو قائدانہ کردار ادا کرنا ہوگا حکومت کاروباری طبقے کی مشکلات سے واقف ہے اور انہیں زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے امریکا کے ساتھ ہونے والے تجارتی معاہدے کو اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ امریکی کمپنیوں کے ساتھ سرکاری و نجی سطح پر بالخصوص معدنیات، زراعت، آئی ٹی اور دوا سازی کے شعبوں میں روابط کے فروغ کے خواہاں ہیں۔ سیشن کے اختتام پر انہوں نے شرکاء کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے یقین دلایا کہ ان کے جائز خدشات کو حل کیا جائے گا اگرچہ ہماری معیشت ایک طویل عرصے سے چیلنجز کا شکار رہی ہے، مگر حالیہ دنوں میں کچھ مثبت اشارے ظاہر ہو رہے ہیں جو معیشت کی بحالی کی جانب اشارہ کرتے ہیں۔ حکومت کی جانب سے کئے گئے اصلاحاتی اقدامات، آئی ایم ایف پروگرام کے تحت معاشی استحکام، اور امریکہ کے ساتھ حالیہ ٹیرف معاہدہ اس سمت میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزیر خزانہ کی واشنگٹن میں امریکی اور عالمی مالیاتی اداروں سے ہونے والی ملاقاتوں نے نہ صرف پاکستان کی معاشی ترقی کے امکانات کو بڑھایا ہے بلکہ بین الاقوامی سرمایہ کاری کے دروازے بھی کھولے ہیں۔ حکومت پاکستان نے حالیہ مہینوں میں معاشی ڈھانچے کی بہتری کے لئے کئی اہم اصلاحاتی اقدامات کئے ہیں۔ ان اصلاحات کا مقصد نہ صرف مالیاتی خسارے کو کم کرنا اور محصولات میں اضافہ کرنا ہے بلکہ کاروباری ماحول کو بہتر بنا کر نجی شعبے کو فروغ دینا بھی ہے۔ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت پاکستان نے مالیاتی نظم و ضبط، سبسڈی میں کمی، اور محصولات میں اضافے جیسے اہم اقدامات کئے ہیں۔ ان اصلاحات کی بدولت پاکستان کی معیشت میں بہتری کے اشارے دیکھنے میں آ رہے ہیں، جنہیں بین الاقوامی ریٹنگ ایجنسیوں نے بھی تسلیم کیا ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب ان دنوں واشنگٹن ڈی سی میں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں میں شرکت کر رہے ہیں۔ ان کے حالیہ بیانات اور ملاقاتیں پاکستان کی معاشی سمت پر اعتماد کا اظہار ہیں۔ امریکی محکمہ خزانہ کے اسسٹنٹ سیکرٹری برائے بین الاقوامی مالیات رابرٹ کیپ روتھ، مشیر جوناتھن گرین اسٹین، یو ایس۔ پاکستان بزنس کونسل کے رہنماؤں اور امریکی کمپنیوں سے ملاقاتوں کے دوران وزیر خزانہ نے پاکستان کی معاشی کارکردگی، اصلاحاتی ایجنڈے اور سرمایہ کاری کے مواقع پر روشنی ڈالی۔ وزیر خزانہ نے امریکا کے ساتھ ہونے والے تجارتی معاہدے کو ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ اس معاہدے کے تحت پاکستان اور امریکا کے درمیان اشیاء اور خدمات کی تجارت پر ٹیرف (محصولات) کی شرح میں نرمی پر بات چیت ہوئی ہے، جو مستقبل میں دوطرفہ تجارت کو فروغ دے گی۔ اس معاہدے سے پاکستان کی برآمدات کو نئی منڈیاں حاصل ہوں گی اور معیشت میں زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ممکن ہو گا۔ وزیر خزانہ نے واضح کیا کہ حکومت اس معاہدے کو صرف سرکاری سطح پر ہی نہیں بلکہ نجی شعبے کے ساتھ بھی مربوط کرنا چاہتی ہے، تاکہ امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں تیل و گیس، معدنیات، زراعت، آئی ٹی اور دوا سازی جیسے اہم شعبوں میں مواقع میسر آئیں۔ وزیر خزانہ نے اپنی مختلف ملاقاتوں میں نجی شعبے کے قائدانہ کردار پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک کی ترقی نجی شعبے کی شرکت کے بغیر ممکن نہیں۔ حکومت کاروباری طبقے کی مشکلات سے بخوبی آگاہ ہے اور انہیں زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لئے پالیسی اصلاحات پر کام جاری ہے۔ اس بات کا اعادہ انہوں نے یو ایس۔ پاکستان بزنس کونسل اور امریکی کمپنیوں کے نمائندوں سے ملاقاتوں میں بھی کیا۔ وزیر خزانہ نے امریکی کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان تیزی سے ایک ڈیجیٹل مالیاتی خدمات کا مرکز بن رہا ہے اور ورچوئل اثاثوں کی ریگولیشن پر قانون سازی بھی مکمل ہو چکی ہے۔ سٹی بینک کے نمائندوں سے ملاقات میں وزیر خزانہ نے بینک کے ساتھ طویل شراکت داری کی تعریف کی اور کہا کہ حکومت بینک کی تجاویز پر غور کرے گی تاکہ سرمایہ کاری کے لئے مزید سازگار ماحول فراہم کیا جا سکے۔ وزیر خزانہ کے مطابق پاکستان کے معاشی اشارے بہتری کی طرف گامزن ہیں۔ مہنگائی میں کمی، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ، مالیاتی خسارے میں کمی، اور تجارتی خسارے میں بہتری جیسے عوامل اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ پاکستان کی معیشت اب استحکام کی راہ پر گامزن ہے۔ بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی جانب سے بھی پاکستان کے اصلاحاتی اقدامات کو سراہا گیا ہے، جو اس بات کی دلیل ہے کہ حکومت درست سمت میں پیش رفت کر رہی ہے۔ پاکستان کے لئے یہ ایک اہم موڑ ہے جہاں درست حکمت عملی، موثر پالیسی سازی اور بین الاقوامی تعاون کے ذریعے ایک مضبوط اور خود کفیل معیشت کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ امریکا کے ساتھ ٹیرف معاہدہ، آئی ایف سی اور اسلامی ترقیاتی بینک جیسے اداروں سے جاری تعاون، اور نجی شعبے کے فروغ کی حکومتی کوششیں ایک مثبت سمت کی نشاندہی کرتی ہیں۔ ضروری ہے کہ نجی شعبے کو مزید ٹیکس مراعات اور سہولیات فراہم کی جائیں۔ برآمدات بڑھانے کے لئے تجارتی پالیسیوں کو مزید آسان بنایا جائے۔ ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کے لئے سرمایہ کاری میں شفافیت اور قانون سازی کو ترجیح دی جائے۔ بیرونی سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ اور مراعات دی جائیں تاکہ اعتماد بحال ہو۔ امریکی تجارتی معاہدے کے ثمرات جلد از جلد زمینی حقائق پر لائے جائیں تاکہ عوام کو اس کے فوائد پہنچ سکیں۔ معاشی ترقی کے لئے یہ وقت فیصلہ کن حیثیت رکھتا ہے۔ اگر موجودہ اصلاحاتی ایجنڈے کو تسلسل کے ساتھ نافذ کیا جائے، بین الاقوامی سرمایہ کاروں کا اعتماد برقرار رکھا جائے، اور نجی شعبے کو فعال کردار دیا جائے تو پاکستان جلد ایک مضبوط، خود انحصار اور ترقی یافتہ معیشت کے طور پر ابھر سکتا ہے امید ہے کہ معاشی میدان میں ملنے والی کامیابیاں آنے والے دنوں میں مزید اہم اہداف کے حصول کا ذریعہ اور موجب بنیں گی۔

ہندو قوم پرستوں اور طالبان کے قدامت پسند نظریات میں کافی مماثلت ہے

منظر نامہ



جاوید نقوی

افغان وزیر خارجہ کے لئے بھارتی دارالعلوم دیوبند کی دستار فضیلت

برملا



نصرت جاوید

ہجوم بمقابلہ ریاست، عوام — آخر کب تک؟

منظر نامہ

ڈاکٹر سید عثمان علی

'ماسٹر اسٹروک'



خورشید ندیم

کرپٹو کریش، سونا چاندی اور سعودی سرمایہ کاری

دسترس



میاں عمران احمد

قومی بقا اور اندرونی تقسیم کا چیلنج

وفاق نامہ

رشید صافی

فلسطینی چراغ استقامت

خیالات



رسول بخش رئیس

فلسطینی اب دنیا کے ہر کونے میں بکھر چکے ہیں کہ 77 برسوں سے مسلسل قتل و غارت گری نے انہیں اپنی جانیں بچانے کے لیے جلاوطنی کی زندگی گزارنے پر مجبور کر دیا۔ یہ پچاس سال پہلے کی بات ہے جب میں کیلیفورنیا میں طالب علم تھا۔ مجھے اپنی یونیورسٹی سے جو چند گھنٹوں کی مسافت پر تھی، لاس اینجلس میں واقع اوکسیڈنٹل کالج میں جانے کا اتفاق ہوا۔ یہ وہی کالج ہے جہاں سے سابق امریکی صدر براک اوباما نے بی اے کی ڈگری حاصل کی تھی۔ وسیع و عریض خوبصورت لان تھے جو لوگ وہاں کے ساحلی موسم سے واقف ہیں آپ کو بتائیں گے کہ ہلکی خنکی طراوت اور بادِ نسیم کے دن کے کسی بھی حصے میں مزے لیے جا سکتے ہیں۔ چلتے چلتے تھک گیا تو بنچ پر احاطہ کے ایک ...

فلسطینی طلبہ تھے۔ فلسطینیوں اور عربوں خاص طور پر جو سعودی عرب سے تھے کے ساتھ میرا محبت کا رشتہ ...

بہت گہرا تھا۔ انہوں نے دستاویزی فلم "The Palestinian" جو 1977ء میں بنی اور جس میں مرکزی کردار بطور راوی Vanessa Redgrave کا تھا ...

نصیر آباد میں اسہال کے خلاف محکمہ صحت کی مہم تیز

The office of Assistant Director Local Government Kohlu invites Sealed percentage tender on composite schedule of rate 2023 Government of Balochistan (amended up to date) from interested contractors/firms for the following works under **PSDP 2025-26 Balochistan Special Development Initiative (BSDI),** Time limit for each scheme is 3 months & **3% EARNEST MONEY** for each Scheme. Tender Fees for each scheme are Rs. 1500. National Bank of Pakistan Code **C03870.**

S#	Name of Work	E/Cost
1.	SOLARIZATION OF VARIOUS MSOQUES/ MADRASAS IN DISTRICT KOHLU TSE-252610892713	10.0 M
2.	INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM DHQ HOSPITAL DISTRICT KOHLU TSE-252610892733	7.0 M
3.	SOLARIZATION OF GIRLS DEGREE COLLEGE KOHLU AT DISTRICT KOHLU TSE-252610892703	10.0 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules-2014 single stage two envelope procedure. **Eligibility of Bidders:** Bidding firms must have valid registration with PEC in category C-6 or above. Bidding firm must be registered with FBR and BRA. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of amount specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment (nonrefundable) bidding document fee (amount mentioned above) through Green Challan. (The NIT & Bidding Document can also be downloaded from https://bppthree.vdc.services/tendersseach **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 29th October, 2025 during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 29th October, 2025 at the office of the undersigned at 12:00 P.M sharp, after which the bidder will not be entertained. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 1:00 P.M **Address:** Office of Assistant Director Local Government District Kohlu. Phone No. 0829667595.

ASSISTANT DIRECTOR
LOCAL GOVERNMENT &
RURAL DEVELOPMENT KOHLU

PRQ No.1887/14-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بھرتی برائے FCSS صوبیدار، حوالدار اور سپاہی، فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ)

1۔ فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) میں ریٹائرڈ عسکری ملازمین اور سویلین کو معقول تنخواہ پر کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کرنے کا سنہری موقع فرنٹیئر کور بلوچستان ایف سی ٹریننگ اکیڈمی خضدار میں 27 اکتوبر سے 30 اکتوبر 2025 تک بھرتی ہوگی۔ خواہشمند حضرات جو کہ درج ذیل شرائط پر پورا اترتے ہیں، بھرتی کے لئے مقررہ تاریخ پر تشریف لائیں

2۔ معیار برائے بھرتی

	ریٹائرڈ عسکری ملازمین			سویلین	
ا	تعلیمی معیار	مڈل	ا	میڈیکل	جسمانی اور ذہنی تندرست
ب	میڈیکل	تندرست (Cat A)	ب	عمر	18 تا 40 سال
پ	سابقہ سروس	Good			
ت	عمری حد	55 سال			

نوٹ:۔ 1۔ تمام سویلین اصل شناختی کارڈ، تعلیمی اسناد بمعہ 2 نقول 4 عدد پاسپورٹ سائز تصاویر، وارث کی شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی اور اپنے علاقے کے قریبی پولیس اسٹیشن کی ویریفکیشن، بطور رضاعت اپنے قریبی حاضر سروس (عسکری ملازم) کی سروس کارڈ اور شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی ساتھ لائیں 2۔ ریٹائرڈ عسکری ملازمین اصل ڈسچارج بک اور اصل شناختی کارڈ، 4 عدد پاسپورٹ سائز فوٹو NOK کی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور اپنے علاقے کے قریبی پولیس اسٹیشن کی ویریفکیشن ساتھ لائیں 3۔ کوئی بھی امیدوار کسی قسم کے جرائم اور تخریب کاری میں قطعی طور پر ملوث نہ ہو 4۔ جعلی اسناد / سفارش پر بھرتی ہونے کی کوشش کرنے والے، رشوت لینے اور دینے والے کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی 5۔ ٹیسٹ انٹرویو کے لئے آنے والے ٹی اے ڈی اے کے حقدار نہیں ہوں گے 6۔ مزید معلومات اور رہنمائی کے لئے درج ذیل نمبرز پر رابطہ کریں 0313-5270602/0345-8875772/0331-6108456

چیف ایگزیکٹو آفیسر ایف سی ایس ایس بلوچستان (ساؤتھ)
لیفٹیننٹ کرنل محمد کوثر (ریٹائرڈ)

بعدالت جناب سینئر سول جج II کوئٹہ، بااختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب، کوئٹہ

درخواست جانشینی نمبر 25/ | آئندہ تاریخ پیشی 22-10-2025

1۔ سید احمد خان ولد ملک محمد شاہ خان 2۔ نعیم احمد 3۔ وکیلہ 4۔ بریرہ 5۔ روبیسہ 6۔ سارہ 7۔ طوبیٰ 8۔ جنید احمد خان پسران دختران سید احمد خان ساکنان A-35 چلتن ہاؤسنگ اسکیم ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ بذریعہ اٹارنی سید احمد خان ولد ملک محمد شاہ بنام عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 378 جانشینی ایکٹ 1925 برائے حصول لیٹر آف ایڈمنسٹریشن

اشتہار بنام ہر خاص و عام:۔ ہر گاہ مقدمہ مندرجہ بالا عنوان میں سائلان نے ایک درخواست برائے حصول لیٹر آف ایڈمنسٹریشن سرٹیفکیٹ بابت متوفی عدالت ہذا میں گزاری ہیں۔ جسکی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 22/10/2025 کو مقرر ہو چکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں، بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 14/10/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

EE

بعدالت تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول کاریزات بمقام خانوزئی

اشتہار بنام عوام الناس

ہر گاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی ولایت خان ولد کریم قوم کاکڑ بقضائے الٰہی وفات پا چکا ہے جن کے جائز ورثاء میں ایک (1) بیٹا بسم اللہ اور چار بیٹیاں نمبر 1۔ بی بی نورہ نمبر 2۔ جنت حورہ نمبر 3۔ بی بی مستورہ نمبر 4۔ بی بی زہرہ چھوڑے ہیں اسکے علاوہ متوفی کا کوئی جائز وارث نہیں ہے اور سائل کو وراثت انتقال مطلوب ہے اگر اس وراثت پر کسی فرد یا ادارہ کو کوئی اعتراض ہو تو 7 سات یوم کے اندر زیر دستخطی کو مطلع کریں مقررہ میعاد گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا کو بمورخہ 14/12/2025 کو میرے مہر و دستخط سے جاری ہوا

نمائندہ خانوزئی

بقیہ 1 میر سرفراز بگٹی

کو نظر انداز کر کے دہشت گردی کو جواز فراہم کرنے کی کوشش کی حالانکہ جو شخص بندوق کے زور پر تشدد کرے وہ ناراض نہیں بلکہ دہشت گرد ہے اور کسی بھی طرح بلوچ عوام کا نمائندہ نہیں ہو سکتا وزیراعلیٰ بلوچستان نے بتایا کہ صوبے میں پہلا فراری کیمپ 21 جون 2002 کو قائم کیا گیا جس سے دہشت گردی کو فروغ ملا اور نوجوانوں کو گمراہ کرنے کا راستہ کھلا انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا کے ذریعے نوجوانوں اور ریاست کے درمیان خلیج پیدا کرنے کی کوشش کی گئی تاہم حکومت بلوچستان نوجوانوں کے خدشات اور شکایات کو سننے کے لیے جامعات سمیت ہر فورم پر جاری ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حالات کی خرابی کے پیچھے بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کا واضح اور منظم کردار ہے۔ علیحدگی پسند عناصر بھارت کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں جو بھارت سے خوش اور پاکستان سے دشمنی رکھتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوج یا اداروں کی نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے کیونکہ پاکستان کی بقا اسی جنگ میں کامیابی سے وابستہ ہے انہوں نے کہا کہ سیاست سے زیادہ اہم ریاست پاکستان ہے اور بلوچستان حکومت نے دہشت گردی کے خلاف جنگ کو اپنی ذمے داری سمجھ کر اپنایا ہے اس حوالے سے حکومت بلوچستان کا موقف دوٹوک اور بالکل واضح ہے انہوں نے کہا کہ بلوچ عوام کو بند گلی میں دھکیلا جا رہا ہے لیکن تشدد اور لاحاصل جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت گورننس کی بہتری، اصلاحات اور عوامی خدمت کے شعبوں میں ٹھوس اقدامات کر رہی ہے صحت اور تعلیم کے شعبوں میں نمایاں بہتری سامنے آ رہی ہے 3200 غیر فعال اسکولز اور 164 بنیادی طبی مراکز کو فعال کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کی استعداد کار بڑھائی جا رہی ہے اور اس مقصد کے لیے 10 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز ایسے مشکل علاقوں میں آپریشنز کر رہی ہیں جہاں دشمن اور دوست کی پہچان دشوار ہے جب دشمن واضح ہو تو اس کے خلاف کارروائی آسان ہوتی ہے لیکن جب دشمن اپنی صفوں میں چھپا ہو تو مقابلہ زیادہ مشکل ہو جاتا ہے انہوں نے کہا کہ واضح دشمن کے خلاف حالیہ کارروائی کی مثال پوری قوم نے اپنی آنکھوں سے دیکھی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ گزشتہ 12 برسوں سے صوبے کے 24 ذیلی اضلاع میں اسسٹنٹ کمشنرز تعینات نہیں تھے موجودہ صوبائی حکومت نے افسران کی تعیناتی کے ذریعے ریاست کی رٹ کو بحال کیا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی کے دشمنوں کو شکست دینا ہی ہمارا عزم ہے اور حکومت بلوچستان اپنے عوام کے ساتھ مل کر ایک پرامن اور خوشحال مستقبل کی جانب گامزن ہے۔

بقیہ 2 پشاور ہائیکورٹ کا حکم

نے پاکستان تحریک انصاف کی نو منتخب وزیراعلیٰ ...

بقیہ 3 چینی وزارت خارجہ

بقیہ 4 بجلی

بقیہ 5 افغان طالبان

بقیہ 6 پاک افغان

بقیہ 7 وزیراعلیٰ

بقیہ 8 عمران خان

بقیہ 9 اردون

بقیہ 10 پولیو

بقیہ 11 وزارت خارجہ

بقیہ 12 وزیراعظم

بقیہ 13 جعلی خبروں

بقیہ 14 پیپرز گوہر

بقیہ 15 مہنگائی

بقیہ 16 وزیراعظم

بقیہ 17 درج مقدمہ

بقیہ 18 سیکورٹی فورسز

بقیہ 19 ٹی ایل پی

بقیہ 20 بشریٰ بی بی

بقیہ 21 بلاول بھٹو

بقیہ 22 گورنر بلوچستان

بقیہ 23 حقوق کیلئے

بقیہ 24 وزیر خزانہ

بقیہ 25 قانون نافذ

بقیہ 26 فنڈز

بقیہ 27 اہلکار شہید

بقیہ 28 وزیر دفاع

بقیہ 29 مہاجرین

بقیہ 30 سب سے بڑا

بقیہ 31 قبول کرلیا

بقیہ 32 علیمہ خان

بقیہ 33 مفتی اسد محمود

بقیہ 34 ٹی ایل پی

بقیہ 35 جاوید اختر

بقیہ 36 مولانا فضل الرحمٰن

بقیہ 37 سفر سے جڑے

بقیہ 38 چیئرمین گوادر پورٹ

بقیہ 39 سردار عبدالرحمان

بقیہ 40 جسٹس جمال مندوخیل

بقیہ 41 2 بچے جاں بحق

بقیہ 42 کرایوں میں اضافہ

بقیہ 43 مقدمہ درج کرلیا

بقیہ 44 اضطراب

بقیہ 45 چیئرمین سینیٹ

بقیہ 46 جمال شاہ کاکڑ

بقیہ 47 نوابزادہ جمال رئیسانی

بقیہ 48 نصراللہ زیرے

بقیہ 49 صارفین

بقیہ 50 نوابزادہ لشکری

بقیہ 51 کارروائی کا آغاز

بقیہ 52 تفصیلی جائزہ اجلاس

بقیہ 53 فروغ پرلیتین

بقیہ 54 خواجہ سے ملاقات

بقیہ 55 بےنقاب کردیا

بقیہ 56 شدید مذمت

بقیہ 57 واقعات میں اضافہ

بقیہ 58 پشتونخوا میپ

بقیہ 59 پشتونخوا میپ

بقیہ 60 غزہ جنگ

بقیہ 61 آئل کمپنی کی انٹری

بقیہ 62 تحفظ کو بےنقاب

بقیہ 63 وزیراعلیٰ

بقیہ 64 قاری مہراللہ

بقیہ 65 نسیم الرحمان ملاخیل

بقیہ 66 جاں بحق 2 زخمی

بقیہ 67 عالمی مالیاتی فنڈ

بقیہ 68 مولانا نالوی

بقیہ 69 آسمان پر پہنچ گئی

بقیہ 70 مقدمہ گرفتار

بقیہ 71 سپلائی کرنے پر غور

بقیہ 72 گمراہ کن مہم

یوتھ ڈویلپمنٹ منصوبے میں تاخیر کسی صورت قبول نہیں، وزیراعلیٰ

ریکروٹمنٹ کا عمل تیز کیا جائے تاکہ تربیت یافتہ نوجوانوں کو بین الاقوامی مارکیٹ میں روزگار کے مواقع فراہم کیے جاسکیں

سوئی کے عوام کو روزگار، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں، میر سرفراز بگٹی کا مختلف اجلاسوں سے خطاب

بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چمن: مخصوص گیٹ سے افغان مہاجرین کا انخلا جاری

چمن کے مقام پر منگل کو بھی عام آمد و رفت اور سامان کی ترسیل کے لیے بندرہی اس موقع پر کسی بھی قسم کا تجارتی سامان یا عام افراد کی آمد و رفت نہیں ہوئی۔ حکام نے بتایا ہے کہ پاک افغان سرحد کے ایک مخصوص گیٹ سے صرف مہاجرین کا انخلا جاری ہے

زیادہ وبارش آتا ہے تو زیادہ پانی آتا ہے، جسٹس جمال مندوخیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان نے ارسا ممبر سندھ سے تعینات کرنے کیسندھ ہائیکورٹ کے فیصلے کیخلاف وفاقی حکومت کی درخواست پر اسٹیٹس کو برقرار رکھتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کردیا۔ سپریم کورٹ میں انڈس ریور سسٹم اتھارٹی (ارسا) میں سندھ سے وفاقی ممبر کی تعیناتی کے فیصلے کیخلاف اپیل پر سماعت ہوئی، جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں پانچ رکنی آئینی بینچ نے سماعت کی۔ عدالت نے ایڈیشنل اٹارنی جنرل کی استدعا پر سندھ اور اسلام آباد ہائیکورٹ میں زیر سماعت مقدمات یکجا کرنے کی ہدایت کردی۔ دوران سماعت ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمن نے کہا کہ ارسا کے پانچ ممبران میں سے ایک ایک صوبوں سے اور ایک وفاق سے ہوتا ہے

حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی لائے، قاری مہر اللہ

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم لیکن پاکستان میں بڑھ رہی ہیں، رہنما جے یو آئی نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنوینر مولانا قاری مہر اللہ نے کہا کہ حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرکے عوام کو ریلیف دیا جائے پیٹرول وڈیزل کی عالمی منڈی میں بے انتہا قیمتیں کم ہونے کے باوجود ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں آئے روز قیمتیں بڑھ رہی ہے۔ مہنگائی سے بدحال عوام پر مسلسل بوجھ...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

مسائل کے حل کیلئے ٹھوس اقدامات ناگزیر ہیں، نسیم الرحمان ملاخیل

کلائمیٹ چینج کے مسئلہ کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے، صوبائی مشیر ماحولیات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل کے حل کیلئے ٹھوس اقدامات کرنے ہونگے، بلوچستان میں کلائمیٹ چینج کے مسئلہ کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کریں گے، میرے دفتر کے دروازے عوام کیلئے کھلے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں اپنے دفتر میں مختلف وفود...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

بھاگناڑی، ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق، 2 زخمی

واقعہ اس وقت پیش آیا جب ڈاکو واردات کرکے فرار ہو رہے تھے، لیویز ذرائع

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ضلع کچھی لیویز تھانہ بھاگناڑی کی حدود حاجی شہر کے قریب ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہوگئے لیویز کے مطابق ضلع کچھی بھاگناڑی لیویز تھانہ کی حدود حاجی شہر کے قریب ڈاکوؤں کی فائرنگ سے قبائلی رہنما میر طارق چنا موقع پر جاں بحق جبکہ دیگر اسکے دو ساتھی شدید زخمی ہوگئے لیویز کے...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ٹی ایل پی کے گرفتار 17 کارکن انسداد دہشتگردی عدالت پیش

لاہور (بیورو رپورٹ) سرکاری املاک، سڑک بلاک کرنے اور عوام کی املاک کو نقصان پہنچانے کے مقدمہ میں گرفتار ٹی ایل پی کے 17 کارکنوں کو انسداد دہشتگردی عدالت پیش کردیا گیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت نے ملزمان کو 17 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کردیا، عدالت نے حکم دیا کہ آئندہ سماعت پر ملزمان کی تفتیشی رپورٹ پیش کی جائے۔ تفتیشی افسر نے ملزمان کے 30 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی تھی، ملزمان میں ابراہیم، حسنین، حافظ محمد نعیم، محمد پرویز سمیت دیگر شامل ہیں۔ اے ٹی سی کے جج منظر علی گل نے پولیس کی درخواست پر سماعت کی، ملزمان کے خلاف تھانہ نواں کوٹ پولیس نے مقدمہ درج کیا۔

کوئٹہ: ایم پی اے زرک مندوخیل سے پیر جان بلوچ، حاجی عبدالرحمن، صلاح الدین کبزئی و دیگر ملاقات کررہے ہیں۔

پاکستان میں مہنگائی اور بیروزگاری میں کمی کا امکان ہے، عالمی مالیاتی فنڈ

گزشتہ مالی سال پاکستان میں معاشی ترقی کی رفتار 2.7 فیصد تھی، رواں مالی سال بے روزگاری کم ہو کر 7.5 فیصد پر آنے کا تخمینہ ہے

عالمی معیشت کو تجارتی وجغرافیائی سیاسی غیر یقینی کا سامنا، پاکستان میں رواں مالی سال جی ڈی پی گروتھ ہدف سے کم رہنے کی پیش گوئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی ایم ایف نے ورلڈ اکنامک آؤٹ لک رپورٹ جاری کردی جس میں کہا گیا ہے کہ عالمی معیشت کو تجارتی وجغرافیائی سیاسی غیر یقینی کا سامنا ہے جبکہ پاکستان میں رواں مالی سال جی ڈی پی گروتھ ہدف سے کم رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ آئی ایم ایف کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں معاشی شرح نمو 3.6 فیصد رہنے کا امکان ہے، حکومت نے رواں مالی سال جی ڈی پی گروتھ ہدف 4.2 فیصد مقرر کر رکھا ہے، پاکستان میں مہنگائی اور بے روزگاری میں کمی کا امکان ہے، گزشتہ مالی سال پاکستان میں معاشی ترقی کی ر...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی سی کوئٹہ مہر اللہ بادینی اے سی حمزہ انجم کے ہمراہ تحصیل آفس کا دورہ کر رہے ہیں

جمعیت نظریاتی اکابرین کی مذہبی سیاست کی وارث جماعت ہے، مولانا قادر لونی

اکابرین دیوبند کے عظیم مشن کو موروثیت سے بچانے کیلئے جماعت کی بنیاد ڈالی گئی

موروثی سیاست کرنے والوں کا نظریہ نہ ہی کوئی دستور ومنشور ہے، مفتی شفیع الدین

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی کنوینر مفتی شفیع الدین نے کہا کہ جمعیت نظریاتی اپنے اکابرین واسلاف کی شاندار مذہبی سیاست کی وارث اور امین جماعت ہے اکابرین دیوبند کے عظیم مشن کو موروثیت اور جاگیرداری سے بچانے کیلئے جمعیت نظریاتی کی بنیاد ڈالی گئی۔ کچھ عناصر نے ذاتی مفادات کیلئے جماعت کو نیلام کردیا۔ موروثی سیاست کرنے والوں کا کوئی نظریہ اور نہ کوئی دستور ومنشور ہے بلکہ وہ جماعت پر اپنی ذات کے فیصلے مسلط کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ جمعیت...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

سونا آج پھر ہزاروں روپے مہنگا، قیمت آسمان پر پہنچ گئی

6 ہزار 900 روپے اضافے کے بعد 4 لاکھ 35 ہزار 100 روپے ہوگئی

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) سونے کی قیمت میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے، کاروباری ہفتے کے دوسرے روز بھی سونے کی فی تولہ قیمت ہزاروں روپے اضافے کے بعد بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ سرکاری خبر رساں ادارے اے پی پی نے آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ منگل کو 24 قیراط کے فی تولہ سونے کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، جو 6 ہزار 900 روپے اضافے کے بعد 4 لاکھ 35 ہزار 100 ر...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بھر افغان مہاجرین کیخلاف آپریشن جاری، متعدد گرفتار

آپریشن کا مقصد غیر قانونی آباد کاری کو روکنا اور قانون کی حکمرانی قائم رکھنا ہے، حکام

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بھر میں افغان مہاجرین کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن جاری ہے۔ جس میں فرنٹیئر کور، پولیس اور لیویز کے اہلکار شریک ہیں آپریشن کے دوران کوئٹہ، پشین، نصیرآباد، لورالائی، ژوب، سبی، پنجگور، قلعہ عبداللہ، پنجگور، خضدار، گوادر، تربت، آواران، حب، سونمیانی، بارکھان، بولان، دالبندین، خاران، چاغی، لسبیلہ، کچلاک، قلات، مستونگ، پنجگور، تربت، ژوب، قلعہ سیف اللہ، چمن، قلات، پنجگور، خا...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

اسمگلنگ کیخلاف اقدامات کے باوجود افغان ٹرانزٹ ٹریڈ میں اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کی جانب سے اسمگلنگ کے خلاف اقدامات کے باوجود افغان ٹرانزٹ ٹریڈ میں مزید اضافہ ہوگیا۔ رپورٹ کے مطابق ستمبر 2025 میں مجموعی افغان ٹرانزٹ ٹریڈ میں سالانہ بنیادوں پر 33 فیصد اضافہ ہوا جس میں پاکستان کے ذریعے افغان برآمدات میں 67 اور درآمدات میں 33 فیصد اضافہ ہوا جب کہ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی جولائی تا ستمبر کے دوران مجموعی افغان ٹرانزٹ ٹریڈ 16 فیصد بڑھی

دالبندین پولیس کی کارروائی بھاری مقدار میں افیون برآمد

دالبندین (آن لائن) دالبندین پولیس کی کارروائی کے دوران بھاری مقدار میں افیون برآمد ہوئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق دالبندین پولیس نے گلستان سے آنے والی ایک کار کو مشرقی پولیس چیک پوسٹ پر روک کر تلاشی لی۔ تلاشی کے دوران گاڑی سے 36 کلو افیون برآمد ہوئی پولیس نے گاڑی میں سوار چار افراد کو گرفتار کرکے مزید تفتیش شروع کردی۔

حماس نے 4 مغویوں کی لاشیں بھی اسرائیل کے حوالے کردیں

باقی 24 لاشوں کو نکالنے میں وقت لگ سکتا ہے کیونکہ تدفین کے تمام مقامات کا علم نہیں، حماس

غزہ، نیویارک (م ڈ) فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس نے جنگ بندی معاہدے کے تحت 20 یرغمالیوں کی رہائی کے بعد 4 مغویوں کی لاشیں بھی اسرائیل کے حوالے کردیں جبکہ اقوام متحدہ کا غزہ کیلئے اضافی 11 ملین ڈالر امداد کا اعلان کردیا ہے۔ حماس نے چاروں مغویوں کی لاشوں کو بین الاقوامی ریڈ کراس کمیٹی کے ذریعے اسرائیل کے حوالے کیں۔ ...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

ایم ڈی کیٹ 2025 کا امتحان 26 اکتوبر کو منعقد ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایم ڈی کیٹ 2025 کا امتحان 26 اکتوبر کو منعقد ہوگا۔ امتحان کے لئے 1 لاکھ 40 ہزار 125 امیدوار رجسٹرڈ ہوئے ہیں۔ ملک بھر میں 35 امتحانی مراکز قائم اور ایک بین الاقوامی مرکز ریاض میں ہوگا۔ ایم ڈی کیٹ امتحان یونیورسٹیوں کے ذریعے لیا جائے گا جس کا پی ایم اینڈ ڈی سی براہ راست منتظم نہیں ہوگا۔ پی ایم اینڈ ڈی سی نے امتحانی پالیسی اور ڈھانچہ یونیورسٹیوں کو فراہم کردیا ہے۔ تمام امتحان لینے والی یونیورسٹیوں کو نیشنل اسکلز بینک تک رسائی دی گئی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ 17 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء کا گروپ فوٹو

مولانا ہدایت الرحمن کی وزیراعلیٰ سے ملاقات، گوادر کو پانی فراہم کرنے کیلئے تجاویز پیش

ایم پی اے نے گوادر کو ٹینکرز سے پانی سپلائی کرنے کی بجائے میرانی ڈیم سے منسلک کرنے کا مطالبہ پیش کیا

میر سرفراز خان بگٹی نے ضلع گوادر میں پانی بحران سے نمٹنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کی یقین دہانی کرادی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی سے ملاقات، گوادر میں عارضی پانی سپلائی کی بجائے مستقل حل کیلئے تجاویزات و مطالبات پیش جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی سے ان کے آفس میں ملاقات کی جس میں گوادر کے پانی بحران کے خاتمے کیلئے عارضی طور پر پانی سپلائی کی بجائے مستقل حل کیلئے تجاویز پیش کی یہ تجاویزات ومطالبات تحریری طور وزیراعلیٰ کو پیش کیے گئے ...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے وژن کے تحت ہزاروں بچے دوبارہ تعلیمی سفر سے جڑ گئے

اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے کیلئے ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم جیسے عملی اقدامات اٹھائے گئے، صوبائی وزیر تعلیم

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر اب وعدے سے آگے بڑھ کر حقیقت بن چکا ہے، چیئرمین گوادر پورٹ

گوادر خطے کا مرکزی لاجسٹک و تجارتی مرکز بننے کی سمت بڑھ رہا ہے، نورالحق بلوچ

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

انسداد پولیو مہم معاشرے کے ہر فرد کو کردار ادا کرنا ہوگا، سرفراز بگٹی

مقصد صوبے کے ہر بچے کو اس موذی مرض سے محفوظ بنانا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ اگلے 7 دنوں کے دوران 26 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ ایک قومی فریضہ ہے

بنیادی ڈھانچے کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے، سردار عبدالرحمان کھیتران

پسماندہ علاقوں میں سڑکوں، پانی اور دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات جاری ہیں، صوبائی وزیر

بارکھان (خ ن) صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ووسا سردار عبدالرحمان کھیتران نے کہا ہے کہ عوامی سہولت اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ان کے خصوصی فنڈ سے یونین کونسل کھمزا تا بلیانی سڑک کا تعمیراتی کام مکمل کرلیا گیا ہے، جس سے علاقے کے عوام کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کا خاتمہ ہوگا انہوں نے کہا کہ صوبے کے پسماندہ علاقوں میں سڑکوں، پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

سمجھ نہیں آتا آئین کے کسی آرٹیکل کو سائیڈ پر کیسے رکھا جائے؟ جسٹس جمال مندوخیل

مقدمہ سننے، نہ سننے کا اختیار جج کے پاس ہے، آئینی ترمیم سے پہلے موجودہ ججز پر مشتمل فل کورٹ بنایا جائے، عابد زبیری

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر



اسلام آباد: وفاقی وزیر جام کمال خان اور ویتنام کے وزیر انڈسٹری تجارتی معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی، گیسٹرو کی وباء پھیلنے لگی، 2 بچے جاں بحق

ہسپتال میں سہولیات کا فقدان، ہلاک ہونے والوں کی تعداد 5 تک پہنچ گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں گیسٹرو نے سنگین شکل اختیار کرلی ڈیرہ مراد جمالی ٹیچنگ ہسپتال میں زیر علاج مزید دو بچے جاں بحق مرنے والوں کی تعداد پانچ ہوگئی، سہولیات نہ ہونے کے برابر اموات میں اضافے کا خدشہ تفصیلات کے مطابق نصیرآباد کے ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ڈیرہ مراد جمالی میں ہیضہ (کالرہ) نے سنگین شکل اختیار...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی باصلاحیت خواتین ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

خواتین بنیادی حیثیت رکھتی ہیں اور ان کے بغیر معاشرے کی ترقی ممکن نہیں، سیدال خان ناصر

گوادر پورٹ منصوبے بلوچستان کو علاقائی اور بین الاقوامی تجارت کا مرکز بنا سکتے ہیں، خواتین وکلاء سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) بلوچستان (مکران ڈویژن اور رخشان ڈویژن) سے تعلق رکھنے والی خواتین وکلاء کے ایک وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے ملاقات کی ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ انہیں بے حد خوشی ہے کہ بلوچستان کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین وکلاء اسلام آباد کے دورے پر ہیں اور یہاں جوڈیشل اکیڈمی میں تربیتی کورس میں شریک ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین نہایت باصلاحیت، ذہین اور باہمت ہیں، جو...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ ٹرین سروس بند، وین کے کرایوں میں اضافہ

مسافروں کو چھت پر بٹھا کر خطرات میں ڈال رہے ہیں، نوٹس لیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ ٹرین سروس بند ہونے کے بعد وین مالکان نے کرایوں میں من مانا اضافہ کردیا جس سے عوام شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ اطلاعات کے مطابق وین مالکان نہ صرف کرائے بڑھا رہے ہیں بلکہ قوانین کی صریحاً خلاف ورزی کرتے ہوئے مسافروں کو چھت پر بٹھا کر سخت موسم اور ممکنہ حادثات کے خطرات میں ڈال رہے ہیں...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

علی حسن زہری نے فرحان ملک، راؤ انوار و دیگر کیخلاف مقدمہ درج کرادیا

مقدمہ پیکا ایکٹ کے تحت صوبائی وزیر کے نمائندے نے بیروٹ تھانہ میں درج کرایا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے اپنے نمائندے کے توسط سے سوشل میڈیا پر پروگرام نشر کرنے کے خلاف صحافی فرحان ملک، ایس ایس پی راؤ انوار سمیت دیگر کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کروادیا ملزمان نے علی حسن زہری کے خلاف جعلی میڈیا کمپین شروع جس میں انہیں لینڈ گریبر...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے روا صفی ملاقات کر رہی ہیں

سرکاری دفاتر کیلئے موسم سرما کے اوقات کار جاری

کوئٹہ (خ ن) محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے ایک اعلامیہ کے مطابق حکومت بلوچستان کے تمام انتظامی محکموں اور ان کے ماتحت دفاتر کیلئے سردیوں کے موسم کے دوران اوقات کار کا اعلان کردیا گیا ہے۔ یہ اوقات کار 15 اکتوبر 2025 سے 14 اپریل 2026 تک لاگو رہیں گے اور پانچ دن کے ورکنگ ویک (ہفتہ میں پانچ دن کام) کی بنیاد پر ہوں گے۔ پیر تا جمعرات صبح 08 ساڑھے آٹھ تا شام چار بجے تک دفاتر کھلے رہیں گے جبکہ دوپہر ایک تا 2 بجے نماز/لنچ کا وقفہ ہوگا۔ جمعہ کو ساڑھے 8 بجے تا دوپہر ساڑھے 3 بجے تک دفاتر کھلے رہیں گے اور دوپہر ایک بجکر 15 منٹ تا دو بجکر 15 تک نماز جمعہ/لنچ کا وقفہ ہوگا۔ اعلامیہ کے مطابق اس حکمنامے کا اطلاق ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں یونیورسٹیاں، کالج، اسکول وغیرہ پر نہیں ہوگا۔

پی ایس ایف کے بغیر پشتون قومی تحریک کے مدارج پورے نہیں، اصغر خان اچکزئی

پی ایس ایف کی ذمہ داریوں میں اضافہ نہیں علم وہنر کے زیور سے لیس ہوکر کردار ادا کرنا ہوگا، صوبائی صدر

لورالائی (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے بغیر پشتون قومی تحریک کے مدارج پورے نہیں ان کے ذمہ علم وہنر کے حصول کے ساتھ ساتھ قومی تحریک میں فعال سیاسی نظریاتی جدوجہد شامل ہے پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن ہی قومی تحریک کو نئی قیادت فراہم کرتا چلا آرہا ہے، جس پر عوامی...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے، جمال شاہ کاکڑ

انسداد پولیو مہم سے وابستہ تمام اہلکار قوم کے ہیرو ہیں، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے سوات کے علاقے مٹہ میں انسداد پولیو ٹیم پر دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو کے مکمل خاتمے تک یہ قومی مہم بھرپور انداز میں جاری رہنی چاہئے، وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت ملک سے اس موذی مرض کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے انسداد پولیو مہم سے وابستہ تمام اہلکار قوم کے ہیرو ہیں جو بچ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے کے نوجوانوں میں تخلیقی صلاحیتوں کی کمی نہیں، نوابزادہ جمال رئیسانی

بلوچستان کو بدنام کرنے کیلئے سوشل میڈیا پر منفی مہم جاری ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں قائدانہ اور تخلیقی صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں، یہی نوجوان صوبے کا اصل سرمایہ ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو بدنام کرنے کیلئے سوشل میڈیا پر منفی مہم جاری ہے، جس کا موثر جواب تعلیم یافتہ، باشعور اور مثبت سوچ رکھنے والے نوجوان ہی دے سکتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں منعقدہ تین روزہ نیشنل یوتھ سمیٹ سے...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

سوشل میڈیا کے ذریعے مسائل حکام تک آواز پہنچائی جاسکتی ہے، نصر اللہ زیرے

منفی نیوز شیئر کرکے رہنماؤں و لوگوں کی تضحیک نہیں کرنی چاہئے، سلیم شاہد، علی احمد لانگو، حیدر اچکزئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے سیاسی، سماجی اور غیر سرکاری تنظیموں کے رہنماؤں نے کہا کہ اس وقت سوشل میڈیا کا دور ہے اس کا مثبت طریقے سے استعمال کرکے لوگوں کو حق اور سچ پر مبنی حقائق اور خبروں سے آگاہ کرکے لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لئے حکام بالا تک اپنی آواز پہنچائی جاسکتی ہے۔ منفی اور جھوٹ پر مبنی فیک نیوز اور ویڈیو شیئر کرکے رہنماؤں اور لوگوں کی تضحیک نہیں کرنی چاہئے اس فورم کو سنجیدگی کے ساتھ معاشرتی اصلاح کیلئے بہتر رول کے...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر اسرار خاموشی چھائی ہوئی ہے، نوابزادہ لشکری رئیسانی

آج ہزاروں لوگ ہمسایہ ملک کے وسائل سے اپنا پیٹ پال رہے ہیں، سینئر سیاستدان

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کا از سر نو جائزہ لینے کیلئے بلوچستان اسمبلی سے مشترکہ قرارداد منظور ہونے کے بعد سے ایک پراسرار خاموشی چھائی ہوئی ہے، جو اس قومی وطن کے لوگوں کیلئے تشویشناک ہے، حالانکہ یہ ہماری آئندہ نسلوں کی بقاء کی جدوجہد ہے، اپنے وسائل پر اختیار نہ ہونے سے آج ہزاروں لوگ ہمسایہ ملک کے وسائل سے اپنا پیٹ پال...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے لاہور کا مذہبی جماعت کے خلاف قانونی ومالیاتی کارروائیوں کا آغاز

شواہد کی بنیاد پر جماعت کے متعدد واہم عہدیداران وکارکنان کے اکاؤنٹس کی جانچ پڑتال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایف آئی اے لاہور نے ریاست مخالف احتجاج اور تشدد آمیز سرگرمیوں میں ملوث مذہبی جماعت کے خلاف قانونی ومالیاتی کارروائیوں کا آغاز کردیا ہے۔ تحقیقات کے دوران شواہد کی بنیاد پر مذہبی جماعت کے متعدد اور اہم عہدیداران اور کارکنان کے اکاؤنٹس اور اثاثہ جات کی جانچ پڑتال کی جارہی ہے ایف آئی اے کی جانب سے متعدد بینک اکاؤنٹس کو منجمد کردیا گیا ہے جو مبینہ طور پر پرتشدد احتجاجات کے لئے فنڈنگ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ اجلاس

جن علاقوں میں سکیورٹی خدشات وہاں اہلکاروں کی نفری بڑھادی جائے گی، مہر اللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ اجلاس ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، ٹیکنیکل و پرانشل ای او سی ممبران، ای پی آئی، محکمہ صحت کے افسران، ایریا انچارجز اور یو سی مانیٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پولیو مہم کے پہلے دن کی مجموعی کارکردگی پر تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ضلع بھر میں ہزاروں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا امن پر عزم مگر قومی سلامتی پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، خارجہ سیکرٹری

خارجہ سیکرٹری کی غیر ملکی سفارتی نمائندوں کو پاک، افغان سرحد کی صورتحال پر بریفنگ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خارجہ سیکرٹری نے اسلام آباد میں تعینات غیر ملکی سفارتی مشنوں کے نمائندوں کو پاک۔ افغان سرحد کی تازہ ترین صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران خارجہ سیکرٹری نے سرحدی سکیورٹی کی موجودہ صورتحال، حالیہ پیش رفت اور پاکستان کی جانب سے امن و استحکام کے لیے کیے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان افغانستان کے ساتھ پرامن اور تعمیری تعلقات کا...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی امریکی وزیر خارجہ سے ملاقات

عالمی برادری کو غزہ اور فلسطین کے عوام کی انسانی امداد جاری رکھنی چاہیے، اسحاق ڈار کی گفتگو

شرم الشیخ (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات شرم الشیخ میں غزہ امن سمٹ کے موقع پر ہوئی۔ اس موقع پر اسحاق ڈار کی ترک وزیر خارجہ حکان فیدان سے بھی ملاقات ہوئی۔ اسحاق ڈار نے جنگ بندی کیلئے امریکا اور ترکیے کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے خطے میں دیرپا امن...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام متحدہ، پاکستان نے مودی سرکار کا گھناؤنا چہرہ بے نقاب کردیا

بھارت بی ایل اے، ٹی ٹی پی مجید بریگیڈ جیسے گروہوں کی پشت پناہی کررہا ہے، آصف خان

نیویارک (م ڈ) پاکستان نے اقوام متحدہ میں بھارت کو منہ توڑ جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کالعدم بی ایل اے، ٹی ٹی پی مجید بریگیڈ جیسے گروہوں کی پشت پناہی کررہا ہے۔ اقوام متحدہ میں اظہار خیال کرتے ہوئے پاکستان سفارتکار آصف خان نے کہا کہ بھارت کالعدم بی ایل اے، ٹی ٹی پی مجید بریگیڈ جیسے گروہوں کی پشت پناہی کررہا ہے، بھارت ہر سال جھوٹ پر مبنی پرانا سکرپٹ لے کر آتا ہے۔ آصف خان نے کہا کہ جموں...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

آصفہ بھٹو زرداری کی مٹہ میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ کی شدید مذمت

انسداد پولیو مہم میں فرائض انجام دینے والے اہلکار قوم کے محافظ ہیں، خاتون اول

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے سوات کے علاقے مٹہ میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انسداد پولیو مہم میں فرائض انجام دینے والے اہلکار قوم کے محافظ ہیں۔ اپنے بیان میں خاتون اول نے کہا کہ انسداد پولیو مہم میں فرائض انجام دینے والے اہلکار قوم کے محافظ ہیں۔ بی بی...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

ایئرپورٹس پر جہازوں سے پرندے ٹکرانے کے واقعات میں اضافہ

قومی ایئرلائن کو رواں سال جنوری سے ستمبر تک 90 برڈ اسٹرائکس کا سامنا کرنا پڑا، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سال 2025ء میں ایئرپورٹس پر جہازوں سے پرندے ٹکرانے کے واقعات میں اضافہ ہوگیا۔ قومی ایئرلائن کی پروازوں کو رواں سال جنوری سے ستمبر تک 90 برڈ اسٹرائکس کا سامنا کرنا پڑا، قومی ایئرلائن کیساتھ گزشتہ...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی فکر چھوڑیں طالبان افغانستان میں امن کیلئے ریاستی جرگہ بٹھائیں، شوکت میڈیا سارا فین

ذبیح اللہ مجاہد کے بیان کو پی ٹی آئی کے حامیوں کی جانب سے سراہنا، ان کی عقل پر رویا ہی جاسکتا ہے، سابق رہنما فواد چوہدری

طالبان کے بیان نے ثابت کردیا ٹی ایل پی ایک ملک دشمن جتھہ ہے، پاکستان کے اندرونی معاملات میں بیان پر طالبان کو مشورہ

اسلام آباد (م ڈ) پاکستان نے طالبان حکومت کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کے حالیہ بیانات پر سخت ردعمل دیتے ہوئے انہیں افغانستان کے اندرونی معاملات پر توجہ دینے کا مشورہ دیا ہے۔ ساتھ ہی پاکستانی عوام نے بھی ترجمان افغان حکومت کے بیان کو آڑے ہاتھوں لیا۔ طالبان حکومت کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے پاکستان میں مذہبی جماعت کے احتجاج پر تبصرہ کرتے ہوئے شرپسندے کے دوران مبینہ طور پر ہلاک ہونے والے افراد کے لیے اظہار تعزیت کیا تھا۔ جس پر عقیل مصطفیٰ نامی صارف نے کہا کہ اگر افغانستان تعزیتی پیغا...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی: ڈی سی میران بلوچ افغان مہاجرین کے انخلاء سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فارم 47 کی حکومت کو عوام کی زمینوں کے انتقالات کا کوئی اختیار نہیں، پشتونخوا میپ

عوام کی مرضی کے برخلاف زمینوں کو محکمہ جنگلات کے نام پر منتقل کرنا غیر قانونی اقدام ہے، عبدالرحیم زیارتوال

روزگار کے دروازے بند، تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، بجلی وگیس سے عوام کو محروم رکھا جارہا ہے، منان بڑیچ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ فارم 47 کی حکومت کو عوام کی زمینوں کے انتقالات کا کوئی اختیار نہیں، زر وزور کی بنیاد پر مسلط حکومت کا مقامی عوام کی مرضی ومنشاء کے برخلاف جدی پدری زمینوں کو سرکاری محکمہ جنگلات کے نام پر لاکھوں ایکڑ انتقال کرنا غیر آئینی اور غیر قانونی اقدامات کے سوا کچھ نہیں، حکومت تمام صوبے بالخصوص پشتون اضلاع میں حکومت لاکھوں ایکڑ عوام کی زمینوں، جنگلات، وسائل پر قبضہ کررہی ہے دوسری جانب تمام تجارت، روزگار کے دروازے بند کرکے عوام کے معاشی قتل کے اقدامات...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ہماری جماعت قوموں کی برابری کیلئے جدوجہد کررہی ہے، پشتونخوا نیپ

چیئرمین نے ژوب میں جلسے سے خطاب کیا جو کسی طرح قانون و آئین کے خلاف نہیں تھا

خوشحال خان پر مقدمے کے خلاف وکلاء، سیاسی جماعتوں وتنظیموں نے جو اقدام اٹھایا وہ خوش آئند ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے پریس ریلیز میں ان تمام سیاسی جماعتوں بالخصوص بلوچستان بار کونسل، ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کراچی بار ایسوسی ایشن اور سیاسی جماعتوں پشتونخوا وکلاء ونگ سمیت دیگر تنظیموں کی جانب سے پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ، سینٹر ڈپٹی...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار، سی آئی اے پولیس کی کارروائی مفرور ملزم گرفتار

خضدار (آن لائن) سی آئی اے پولیس کی کامیاب کارروائی ڈکیتی کے کیس میں مفرور ملزم گرفتار، تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر بابر کے حکم اور زیر نگرانی ڈی ایس پی سٹی سرکل محمد زمان چندرانی کی مفرور ملزمان کیخلاف جاری مہم میں سی آئی اے انچارج مقبول احمد موسیانی ودیگر ملازمین نے سٹی ایریا میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کے کیس میں مفرور عبدالرشید کو گرفتار کرکے حوالات میں بند کردیا۔

غزہ جنگ بندی کے بعد اٹلی فلسطین کو تسلیم کرنے کے قریب

عوام کے لیے انسانی امداد جاری رکھے گا، اطالوی وزیراعظم کا اعلان

اٹلی کی وزیراعظم جارجیا میلونی نے کہا ہے کہ غزہ جنگ بندی معاہدے کے بعد ان کا ملک فلسطین کو بطور ریاست تسلیم کرنے کے پہلے سے کہیں زیادہ قریب ہے۔ مصر کے شہر شرم الشیخ میں ہونے والی امن کانفرنس کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میلونی نے کہا کہ "اگر یہ معاہدہ مکمل طور پر نافذ ہوگیا تو اٹلی کی جانب سے فلسطین کی تسلیم شدگی یقینی طور...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، گاڑی وموٹر سائیکل میں تصادم نوجوان جاں بحق

ژوب (آن لائن) گاڑی اور موٹر سائیکل میں تصادم نوجوان جاں بحق گاڑی اور موٹر سائیکل میں حادثہ کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار نوجوان علی جان کلی حسن زئی موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔

پاکستان کے انرجی سیکٹر میں ترکی کی نیشنل آئل کمپنی کی انٹری

پاکستان اور ترکی کی سرکاری کمپنیز میں مل کر تیل وگیس تلاش کرنے کا معاہدہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کے تیل وگیس کے شعبے سے اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، پاکستان کے انرجی سیکٹر میں ترکیہ کی نیشنل آئل کمپنی نے انٹری دے دی۔ پاکستان اور ترکیہ کی سرکاری کمپنیز میں مل کر تیل وگیس تلاش کرنے کا معاہدہ ہوگیا، فارم آؤٹ ایگریمنٹ پی پی ایل اور ترکش پیٹرولیم اوورسیز کمپنی کے مابین ہوگیا ہے۔ پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ نے شیئر ہولڈرز کو خط بھیج کر اہم پیشرفت سے آگاہ کردیا ہے، خط میں بتایا کہ پی پی ایل نے ترکش...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں صوبوں کا نظام ناکام ہوچکا، شاہد خاقان عباسی

کراچی (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعظم اور عوام پاکستان پارٹی کے کنوینر شاہد خاقان عباسی نے بھی ملک میں چھوٹے انتظامی یونٹس بنانے کی حمایت کردی ہے۔ ایک انٹرویو میں شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ پاکستان میں صوبوں کا نظام ناکام ہوچکا، اٹھارویں ترمیم کے بعد صوبوں میں بادشاہت کا نظام رائج ہوگیا ہے۔ سینئر سیاستدان نے کہا کہ جب تک ملک میں چھوٹے انتظامی یونٹس نہیں بنیں گے، معاملہ نہیں چلے گا۔ یا تو صوبوں کے اندر انتظامی یونٹس بنائیں یا اختیارات نچلی سطح تک منتقل کریں، اس کے بغیر حل ممکن نہیں۔ تاہم جو بھی کام کرنا ہے وہ اتفاق رائے سے کیا جائے۔ سابق وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ کہا کہ اٹھارویں ترمیم کرنے والوں کی نیت اور سوچ درست تھی۔

کوئٹہ: سیف اللہ، نصر اللہ زیرے، حیدر خان اچکزئی، علی احمد لانگو، امین اللہ کاکڑ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ریاستی دہشتگردی میں ملوث بھارت کا افغان طالبان کیساتھ گٹھ جوڑ بے نقاب

پاکستان متعدد بار شواہد کے ساتھ یہ بات ثابت کرچکا ہے کہ بھارت فتنہ الخوارج اور افغان طالبان کا سہولت کار ہے

مفاد پرست مودی کے افغان طالبان سے ہاتھ ملانے پر پورا بھارت اور اپوزیشن جماعت اس کے خلاف سراپا احتجاج

نئی دہلی (آئی این پی) بھارت اقوام متحدہ میں متعدد بار افغانستان کی سرزمین کو دہشتگردی کیلئے استعمال ہونے کے الزامات عائد کرتا رہا لیکن ریاستی دہشت گردی کی سرپرستی کیلئے انہی افغان طالبان حکومت سے اپنے مفادات کیلئے ہاتھ ملا لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق افغان طالبان حکومت کے وزیر خارجہ کا دورہ بھارت اور پھر پاکستان پر حملہ اس بات کا قوی ثبوت ہے۔ پاکستان متعدد بار شواہد کے ساتھ یہ بات ثابت کرچکا ہے کہ بھارت فتنہ الخوارج اور افغان طالبان کا سہولت کار ہے۔ مفاد پرست مودی کے افغان طالبان...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر